★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو
حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

جلد نمبر 16 | ہفتہ 20 ذوالحجہ 1447ھ، 6 جون 2026ء، 23 جیٹھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 169

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

سیکیورٹی فورسز کا بلوچستان کے ضلع پنجگور میں آپریشن 6 خارجی ہلاک

3 اور 4 جون کو سیکیورٹی فورسز نے بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ آئی ایس پی آر

علاقے میں کسی بھی دوسرے بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف بلاتعطل کارروائیاں جاری رکھیں گے

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 3 اور 4 جون کو سیکیورٹی فورسز نے بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق (بقیہ نمبر 1)

یوکرین کے صدر زیلنسکی اور پیوٹن ملاقات کریں تو بہت اچھا ہوگا، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ یوکرین کے صدر زیلنسکی اور روسی صدر ولادیمیر پیوٹن ملاقات کریں تو یہ بہت اچھا ہوگا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وائٹ ہاؤس میں میڈیا (بقیہ نمبر 3)

ٹرائی بہت ہو چکی، اب آپ کو فیصلہ کرنا ہے، زیلنسکی کا پیوٹن کو خط

یوکرین مذاکرات کے دوران جنگ بندی کے لیے تیار ہے، یوکرینی صدر

اگر روس جنگ بندی کیلئے تیار نہیں ہوگا تو یوکرین لڑنے کیلئے تیار ہے

کیف (این این آئی) یوکرینی صدر زیلنسکی نے روسی ہم منصب پیوٹن کو دو طرفہ ملاقات کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ لڑائی بہت ہو چکی، اب آپ کو فیصلہ کرنا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق یوکرینی صدر زیلنسکی نے روسی صدر پیوٹن کے نام خط شائع کیا۔ خط میں (بقیہ نمبر 2)

پنجاب کے وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے وفاقی وزیر قانون وانصاف اور انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے ملاقات

پاکستان ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں شامل ہے، وزیر اعظم

سیمیاتی تبدیلی صحت اور خوراک کیلئے بڑا خطرہ معیشت

صدر مملکت وزیر اعظم

پاکستان کم اخراج کے باوجود کلائمیٹ رسک ممالک میں سرفہرست ہے، گلیشیرز کے پگھلنے، سیلاب اور گرمی کی لہروں پر تشویش، پانی کے سب سے بڑا استعمال اور فضلہ میں کمی کی فوری ضرورت ہے، جنگلات کے تحفظ اور حیاتیاتی تنوع کے فروغ کی ضرورت ہے، آصف علی زرداری

پرامن دنیا کی جانب بڑھنے کیلئے سرحدوں کی حفاظت ضروری ہے، محسن نقوی

سرحدوں کی حفاظت کے لیے اقدامات ضروری ہیں، بارڈر سکیورٹی کے لیے ایس سی او کا پلیٹ فارم اہم ہے، اجلاسوں کا ثمر ملنا چاہیے

پاکستان ہر ملک کی خودمختاری کا احترام کرتا ہے، ہمیں ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانا ہے

بشکیک (نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے، ہمیں پرامن دنیا کی جانب بڑھنا ہے، اس کے لیے سرحدوں کی حفاظت ضروری ہے۔ کرغزستان کے دارالحکومت میں شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرا (بقیہ نمبر 5)

پاکستان مخالف سوال پر روسی صدر سے بھارتی صحافی کو لاجواب کر دیا

سینٹ پیٹرز برگ (این این آئی) روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن نے پاکستان (بقیہ نمبر 6)

محسن نقوی اور ایرانی وزیر داخلہ کے درمیان ملاقات

بشکیک (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور ایرانی وزیر داخلہ سکندر موسٹی کے درمیان ملاقات میں پاک ایران (بقیہ نمبر 7)

پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی کرغزستان کے شہر بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے وزرائے داخلہ اور عوامی سلامتی کے خصوصی اجلاس کے دوران خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این پی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ماحولیاتی تحفظ کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ماحول کے تحفظ کے لیے عالمی برادری کے ساتھ کھڑا ہے۔ عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم (بقیہ نمبر 4)

پاکستان کا عالمی برادری سے بھارت کے متنازع آبی منصوبے روکنے کیلئے زور دینے کا مطالبہ

دریائے چناب کے پانی کا دو سے دریائی نظام میں رخ موڑنا سندھ طاس معاہدے کی سنگین خلاف ورزی ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی جانب سے بھارت کے چناب اپ لنک ٹنل منصوبے پر اظہار تشویش کیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ دریائے (بقیہ نمبر 8)

جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی فضائی حملوں میں 8 افراد جاں بحق

حمل ابیب (این این آئی) جنگ بندی پر اتفاق کے باوجود اسرائیل (بقیہ نمبر 9)

ٹرمپ دباؤ ڈال رہے ہیں کہ ہم شرائط مانیں، محسن رضائی

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم لیڈر کے مشیر محسن رضائی نے کہا ہے کہ ٹرمپ دباؤ ڈال رہے ہیں کہ ہم ان کی شرائط مانیں اور اپنی شرائط ہم رکھیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جو کہ جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ سود سے ایہام ہیں

سیمیاتی تبدیلی ایک عالمی چیلنج نمٹنے کیلئے مشترکہ عالمی اقدام ناگزیر ہیں

بلاول بھٹو

بار بار آنے والے سیلاب، خنگ سالی، شدید گرمی کی لہریں، پانی کی قلت اور ماحولیاتی تباہی کی تلخ حقیقت کی یاد دہانی ہیں، دنیا کو سیمیاتی تبدیلی کے باب میں کلائمیٹ جسٹس کو یقینی بنانا ہوگا، گفتگو

سیمیاتی تبدیلی کے حوالے سے جدوجہد درحقیقت انسانیت کے تحفظ کی جدوجہد ہے، سیمیاتی تبدیلی ایک عالمی چیلنج ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سیمیاتی تبدیلی ایک عالمی چیلنج ہے جس سے نمٹنے کے لیے مشترکہ عالمی اقدام ناگزیر ہیں، بار بار آنے والے سیلاب، خنگ سالی، شدید گرمی کی لہریں، پانی کی قلت اور ماحولیاتی تباہی کی تلخ حقیقت کی یاد دہانی ہیں، دنیا کو سیمیاتی تبدیلی کے باب میں کلائمیٹ جسٹس کو یقینی بنانا ہوگا۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سیمیاتی تبدیلی ایک عالمی چیلنج ہے، سیمیاتی تبدیلی کے حوالے سے جدوجہد درحقیقت انسانیت کے تحفظ کی جدوجہد ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیمیاتی تبدیلی ایک عالمی چیلنج (بقیہ نمبر 14)

فضائی آلودگی، انسانی صحت اور ماحول دونوں کے لیے سنگین خطرہ بنتی جا رہی ہے، شیری رحمٰن

وسیع پیمانے پر شجرکاری، پانی کے تحفظ اور جدید فضلہ ٹینٹ کے ذریعے بہتری ممکن ہے، نائب صدر پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ فضائی آلودگی بھی خطرناک سطح تک بڑھ چکی ہے جو انسانی صحت اور ماحول دونوں کے لیے (بقیہ نمبر 16)

ہور: صوبائی وزیر برائے ہائنگ بلال یاسین کو چیئرمین پی آر اے منظم اقبال سپرا انگلمانہ کارکردگی پر بریفنگ دے رہے ہیں

وزیر اعظم کا پنجگور میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع پنجگور میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الہندوستان (بقیہ نمبر 17)

سعودی عرب اور عالمی ادارہ صحت غزہ کے ہسپتالوں میں غذائی خدمات بڑھانے میں مصروف

پی ہی صحت کے صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے شہداء سلمان امدادی مرکز کے منصوبے جاری ہیں، رپورٹ

11 لاکھ 72 ہزار 467 افراد بالواسطہ طور پر اس سے فائدہ اٹھائیں

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور عالمی ادارہ صحت نے غزہ کی پی میں بنیادی صحت کے مراکز اور ہسپتالوں میں غذائی خدمات کو مستحکم کرنے کے لیے ایک مشترکہ ایگریکٹو پروگرام پر دستخط کیے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ پروگرام پی میں (بقیہ نمبر 3)

برطانیہ اور فرانس کی آمد آئے ہر مرکو مائنز سے پاک کرنے کے مشن کی قیادت کی تیاری

منعقد دھلوں کے فوجی منصوبہ سازوں کو بنانے کے آپریشنز میں شرکت کے لیے آرڈر ہیشن کے ہاں مراحل تک پہنچ چکے ہیں

آبی گزرگاہ کو دوبارہ کھولنے سے متعلق مفاہمت تک پہنچنے کے چند دنوں کے اندر شروع ہو جائے گا، ذرائع

لندن (این این آئی) باخبر ذرائع نے بتایا ہے کہ برطانیہ اور فرانس امریکہ اور ایران کے درمیان حالیہ فوجی کشیدگی کے (بقیہ نمبر 18)

سنی علما کونسل سکھر کا مدرسہ صحابہ مطالباتی جلوس، یوم شہادت سیدنا عثمان پر عام تعطیل کا مطالبہ

سکھر (این این آئی) ملک بھر کی طرح ضلع سکھر میں بھی سنی علما کونسل ضلع (بقیہ نمبر 13) سکھر

آئندہ مالی سال کیلئے پنجاب کے پبلک ٹرانسپورٹ فلیٹ میں 2000 الیکٹرک بسیں شامل کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) حکومت نے آئندہ مالی سال کے لیے پنجاب کے (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان ذیلی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

تہران (این این آئی) بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی نے اعلان کیا ہے کہ بوشہر نیوکلیئر پاور پلانٹ کے علاوہ ایران کی بیشتر جوہری تنصیبات تک رسائی حاصل (بقیہ نمبر 11)

سابق وزیر اعظم نواز شریف سوئٹزرلینڈ چلے گئے

نواز شریف 4 دن جنیوا میں قیام کے بعد لندن جائیں گے اور ایک ہفتہ لندن میں قیام کریں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیر اعظم نواز شریف سوئٹزرلینڈ کے شہر جنیوا چلے گئے۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف 4 دن جنیوا (بقیہ نمبر 12)

مریم نواز شریف کا پلاسٹک کے خاتمے اور شجرکاری مہم تیز کرنے کا عزم

پی ٹی سی او کو اپنی توانائی، ماحولیاتی وسائل کے تحفظ کیلئے مشترکہ عزم کا اظہار کرنا ہوگا، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں صوبے بھر میں ماحولیاتی بہتری، پلاسٹک کے خاتمے (بقیہ نمبر 20)

عالمی ماحولیات پر زمین پر آنے والی نسلوں کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، مراد علی شاہ

جون 2026 تک محکمہ خوراک صرف 79 ہزار 835 میٹرک ٹن گندم خرید سکا ہے کم خریداری کی بڑی وجہ حکومتی امدادی قیمت اور مارکیٹ ریٹ میں فرق ہے

رواں سال گندم خریداری مہم کا ہدف 10 لاکھ میٹرک ٹن مقرر کیا گیا تھا جبکہ 4 جون 2026 تک محکمہ خوراک صرف 79 ہزار 835 میٹرک ٹن گندم خرید سکا ہے

کہ رواں سال گندم خریداری مہم کا ہدف 10 لاکھ میٹرک ٹن مقرر کیا گیا تھا (بقیہ نمبر 21)

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت گندم کی خریداری اور خفاز سے متعلق اہم اجلاس وزیر اعلیٰ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں سموباٹی وزراء چیف سیکریٹری، سیکریٹری خوراک، سیکریٹری زراعت اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا (بقیہ نمبر 1)

صدر زرداری کا پنجگور میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی، صدر مملکت کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پنجگور میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: چیئرمین بینظیر سید یوسف رضا گیلانی نے سے انتخابی کے خیر برائے ڈائرکٹر جنیوا الیکشن کے بارے میں

مظفر آباد (این این آئی) شدید موسلا دھار بارشوں نے دوران مون سون 2026 کے حوالہ سے اجلاس منعقد (بقیہ نمبر 22)

آزاد کشمیر میں عام انتخابات کے انعقاد کیلئے باضابطہ انتخابی شیڈول جاری

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن نے قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات 2026 کے انعقاد کے لیے (بقیہ نمبر 24)

آزاد کشمیر میں 45 براہ راست نشستوں پر انتخابات 27 جولائی 2026 کو ہوں گے، چیف الیکشن کمشنر

مظفر آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر جسٹس (ر) غلام صطفی مغل نے ممبر الیکشن کمیشن سید نذیر (بقیہ نمبر 25)

فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے مونٹی نیگرو کے صدر جاکو ومیلا توچ کو مونٹی نیگرو کے اپنے پہلے سرکاری دورہ کر رہے ہیں

سیمیاتی تبدیلی ایک عالمی چیلنج نمٹنے کیلئے مشترکہ عالمی اقدام ناگزیر ہیں

بلاول بھٹو

کویت اور بحرین ایران پر امریکی حملوں کیلئے براہ راست ملوث ہیں، ایران دفاع کا حق محفوظ رکھتا ہے، کسی بھی حملے کا بھرپور جواب دیا جائیگا

امریکا اور اسرائیل نے یو اے ای کی سرزمین ہمارے خلاف استعمال کی، ہمارے پاس ان دعوؤں کے دستاویزی ثبوت ہیں

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایران جنگ نہیں چاہتا تاہم اگر اس پر کوئی جارحیت مسلط کی گئی تو وہ اپنے دفاع میں بھرپور جواب دے گا۔ عراقچی کا یہ بیان ایران کے خبر رساں ادارے تسنیم کے ایکس اکاؤنٹ پر جاری ہوا ہے۔ عراقچی کا کہنا تھا کہ تہران اپنے موقف میں واضح ہے اور کسی بھی ممکنہ حملے کی صورت میں اپنی خودمختاری کے تحفظ کے لیے اقدامات کرے گا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکا اور اسرائیل نے یو اے ای کی سرزمین ہمارے خلاف استعمال کی، ہمارے پاس ان دعوؤں کے دستاویزی ثبوت ہیں۔ عراقچی کا کہنا تھا کہ تہران اپنے موقف میں واضح ہے اور کسی بھی ممکنہ حملے کی صورت میں اپنی خودمختاری کے تحفظ کے لیے اقدامات کرے گا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکا اور اسرائیل نے یو اے ای کی (بقیہ نمبر 31)

کیپٹن صفدر ہاتھ جوڑ کر سندھ کے عوام سے معافی مانگیں: ارسلان اسلام شیخ

پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے، اس کا ثبوت انتخابات میں ہماری کامیابی ہے، ترجمان سندھ حکومت

جیئرمین بلاول کے ہوتے ہوئے نہ کوئی صوبہ بنیگا نہ انتظامی یونٹ، سندھ کے لوگ کوئی تقسیم منظور نہیں کریں گے

کراچی (این این آئی) ترجمان سندھ حکومت ارسلان اسلام شیخ نے کہا ہے کہ کیپٹن ریٹائرڈ صفدر ہاتھ جوڑ کر سندھ کے عوام سے معافی مانگیں۔ کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر داخلی مراد علی شاہ اور چیئرمین پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 30)

سکھر میں پینے کے پانی کا شدید بحران، شہریوں کا خالی برتنوں کے ساتھ احتجاج

سکھر (این این آئی) سکھر میں پینے کے پانی کا شدید بحران، شہریوں کا برتن اٹھا کر انوکھا احتجاج، نعرے بازی، بالائی سکام سے پانی کی فراہمی کا مطالبہ۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 29)

وفاقی حکومت کا بجٹ میں کراچی میں جاری منصوبوں کیلئے فنڈز رکھنے کا فیصلہ

وفاقی بجٹ میں کراچی کے لیے کچھ نئے منصوبے بھی شروع کرنے کی تجویز ہے

ضلع کورنگی، ملیر میں سڑکوں، گلیوں، نکاس آب کے لیے 5 کروڑ روپے تجویز کیے گئے ہیں

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے بجٹ میں کراچی میں جاری مختلف منصوبوں کیلئے فنڈز رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ دستاویز کے مطابق وفاقی حکومت نے کراچی کی گرین لائن بس کے لیے ایک ارب 98 کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔ تجویز کردہ منصوبوں میں کراچی میں سڑکوں، گلیوں، نکاس آب اور پانی کے مختلف منصوبوں کے لیے فنڈز بھی تجویز کیے ہیں۔ ضلع غربی میں انفرا اسٹرکچر بحالی کے لیے 26 کروڑ روپے، ناظم آباد اور لیاقت آباد میں انفرا اسٹرکچر (بقیہ نمبر 8)

پاکستان کو 123 ارب ڈالر درکار، قرضوں کی واپسی کیلئے پھر آئی ایم ایف کے پاس جانے کا امکان

پاکستان کا آئندہ 5 سال تک آئی ایم ایف کے چنگل سے نکلنے کے امکانات محدود، 7 ارب ڈالر کا موجودہ قرض پروگرام اگلے سال ستمبر یا اکتوبر میں ختم ہوگا

کراچی (این این آئی) پاکستان کے آئندہ 5 سال تک آئی ایم ایف کے چنگل سے نکلنے کے امکانات محدود ہیں۔ پاکستان کو 5 سال میں 123 ارب ڈالر کی بیرونی مالی ضرورت ہوں گی۔ قرضوں کی واپسی کے لیے پاکستان کو پھر آئی ایم ایف کے پاس جانا پڑ سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کو اگلے 5 سال میں 123 ارب ڈالر کی بیرونی مالی ضروریات کا سامنا ہے، پاکستان کو قرضوں کی ادائیگیوں کیلئے پھر آئی ایم ایف کا سہارا لینا پڑ سکتا ہے۔ دستاویز (بقیہ نمبر 27)

موسمیاتی بحران سے نمٹنے کیلئے شاہراہیں تعمیر کرنی چاہئیں، جنید انور چوہدری

بحیرہ عرب میں شدید سمندری گرمی کی لہر، پاکستان کے لیے فوری موسمیاتی اقدامات ناگزیر ہیں، جنید انور چوہدری

جو سمندروں کی گہرائیوں سے لے کر پہاڑوں کی بلندیوں تک موجود ہیں، وفاقی وزیر

مؤثر اقدامات پر زور دیا۔ جنید انور چوہدری نے کہا کہ حالیہ ہفتوں کے دوران شمالی بحیرہ عرب میں سمندری سطح کا درجہ حرارت خطے کے 30 فیصد سے زائد حصے میں معمول سے بہت زیادہ رکارڈ کیا گیا ہے۔ ان کے مطابق سائنس دان اس صورتحال کو ایک غیر معمولی سمندری (بقیہ نمبر 26)

بحری امور محمد جنید انور چوہدری نے بحیرہ عرب میں زیر آب غیر معمولی حدت پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ساحلی آبادیوں، ماہی گیری کے شعبے اور بحری انفرا سٹرکچر کے تحفظ کے لیے فوری موسمیاتی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ قدرت موسمیاتی بحران سے نمٹنے کے لیے ہمارے سامنے ایک واضح راستہ رکھتی ہے، جو سمندروں کی گہرائیوں سے لے کر پہاڑوں کی بلندیوں تک موجود ہے۔ انہوں نے ماحولیاتی نظام کے تحفظ اور ماحولیاتی مزاحمت کو مضبوط بنانے کے لیے فوری اور

مظفر آباد: ڈائریکٹر جنرل کشمیر انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ ڈاکٹر میم الاسلام، سابق سفیر سینئر ڈائرکٹنگ سٹاف قم محمد ایوب، سابق سفیر سینئر ڈائرکٹنگ سٹاف قم ڈاکٹر خالد اعجاز 110 ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکا کے ہمراہ گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

شی جن پھنگ 8 سے 9 جون تک عوامی جمہوریہ کوریا کا سرکاری دورہ کریں گے

بیجنگ (شہباز) کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ (سی پی سی) کی مرکزی کمیٹی کے جنرل سیکرٹری اور چینی صدر شی جن پھنگ ورکرز پارٹی آف کوریا کے جنرل سیکرٹری اور عوامی جمہوریہ کوریا (ڈی پی آر کے) کے ریاستی امور کے صدر کم جونگ اُن کی دعوت پر 8 سے 9 جون تک عوامی جمہوریہ کوریا کا سرکاری دورہ کریں گے۔ یہ اعلان جمعہ کے روز سی پی سی کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی شعبے کے ترجمان نے کیا۔

ٹرمپ کا زیلنسکی اور پوتن کے درمیان براہ راست مذاکرات کے امکان کا خیر مقدم

واشنگٹن (شہباز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ واشنگٹن یورینی صدر ولودیمیر زیلنسکی اور روسی صدر ولادیمیر پوتن کے درمیان براہ راست بات چیت کے امکان کا خیر مقدم کرتا ہے۔ ٹرمپ نے زور دیا کہ وہ کئی سالوں سے جاری تنازع کے خاتمے کے لئے کھوج کریں۔ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے زیلنسکی اس کھلے خط کا حوالہ دیا جس میں انہوں نے پوتن کے ساتھ براہ راست ملاقات کی تجویز پیش کی تھی۔ ٹرمپ نے کہا کہ "مجھے خوشی ہے کہ شاید وہ ملاقات کے بارے میں بات کر رہے ہیں۔ میرے خیال میں اگر وہ ملیں تو یہ بہت اچھا ہوگا۔ انہیں ملنا چاہیے اور اس معاملے کو حل کرنا چاہیے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ "دونوں فریق سمجھوتے کریں گے۔ میں نے ان سمجھوتوں کے بارے میں تجاویز دی ہیں اور اس سلسلے میں ہمارا بھی کافی کردار رہا ہے۔ تاہم ٹرمپ نے یہ بتانے سے گریز کیا کہ تنازع کے خاتمے کے لئے دونوں رہنما کن رعایتوں پر آمادہ ہوئے ہیں۔ اس سے قبل جمعرات کو زیلنسکی نے پوتن سے جنگ کے خاتمے کے لئے براہ راست مذاکرات کرنے کی اپیل کی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ کا تسلسل روس کے وسائل اور اس کی بین الاقوامی ساکھ کو متاثر کر رہا ہے۔ دوسری جانب کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف نے جمعرات کو کہا کہ اگر زیلنسکی مذاکرات کرنا چاہتے ہیں تو وہ کسی بھی وقت ماسکو آسکتے ہیں۔

امریکی پابندیاں دیوطرف کشیدگی میں اضافہ کا سبب بنیں گی، کیوبا کے صدر کا انتباہ

ہوانا (شہباز) کیوبا کے صدر میگیل دیاز۔کانیل نے کہا ہے کہ واشنگٹن کی جانب سے عائد کی گئی پابندیاں اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیانات کیوبا کے خلاف جاری عناصر سے میں مزید شدت پیدا کریں گے اور دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوگا۔ امریکی محکمۂ خزانہ کے دفتر برائے غیر ملکی اثاثہ جات کنٹرول نے

چین کا برآمدات کو فروغ دینے کے لئے 100 سے زائد تقریبات کے انعقاد کا اعلان

بیجنگ (شہباز) چین کی وزارت تجارت نے کہا ہے کہ 2026 کے دوران ملک کی برآمدات کو فروغ دینے کے لئے 100 سے زائد تقریبات منعقد کی جائیں گی، جن کے ذریعے دنیا بھر سے مالی معیاری معلومات چینی کاروباری اداروں اور صارفین تک پہنچائی جائیں گی۔ وزارت تجارت کے ترجمان رے لیوکے چیمپان نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ پہلی بیرون ملک تقریب 7 جون کو بیلاروس میں منعقد ہوگی جبکہ دوسری تقریب 11 جون کو جرمنی میں ہوگی جو یورپی یونین میں ان تقریبات کا پہلا انعقاد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ "چین کو برآمدات" کے عنوان سے منعقد ہونے والی یہ تقریبات دنیا بھر کی کمپنیوں کے لئے چین کو اپنی برآمدات بڑھانے کے مواقع اور پلیٹ فارم مہیا کریں گی، جس سے مختلف ممالک چین کی ترقی سے مزید فائدہ اٹھا سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی کمپنیوں کا ان تقریبات میں شرکت اور چین میں منعقد ہونے والی اہم نمائشوں، جیسے چین میں الاقوامی درآمدات نمائش میں مسلسل حصہ لینے کا غیر متعدم کیا جاتا ہے تاکہ دونوں فریق اس سے مستفید ہو سکیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ وزارت تجارت اس نوعیت کی تقریبات بیجنگ اور بانگ ڈوسمیت چین کے مختلف شہروں میں بھی منعقد کرتی رہے گی۔

چین کا پٹرول اور ڈیزل کی پرچون قیمتیں کم کرنے کا فیصلہ

بیجنگ (شہباز) چین کے اعلیٰ اقتصادی منصوبہ ساز ادارے نے کہا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر تیل کی قیمتوں میں حالیہ رد وبدل کے باعث چین جمعہ سے ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی پرچون قیمتوں میں فی کس کرے گا۔ قومی ترقی و اصلاحات کمیشن کے مطابق پٹرول کی قیمت میں 525 یوآن (تقریباً 77 امریکی ڈالر) فی ٹن کی کی جائے گی اور ڈیزل کی قیمت میں 505 یوآن فی ٹن کی ہوگی۔ چین کی تین بڑی تیل کمپنیوں چائنہ نیشنل پٹرولیم کارپوریشن، چائنہ پٹروکیمیکل کارپوریشن اور چائنہ نیشنل آف شور آئل کارپوریشن سمیت تیل کی دیگر ریفائنریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ صاف تیل کی مصنوعات کی منظم فراہمی یقینی بنانے کے لئے ان قیمتوں کے موجودہ طریقہ کار کے مطابق صاف تیل کی مصنوعات کی قیمتوں میں رد وبدل کریں۔ بین الاقوامی خام تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

پارلیمانی سیکرٹری رانا محمد فیاض کی صوبائی وزیر تعلیم سے ملاقات

سکنڈر مؤذ (عاطف علوی سے) پارلیمانی سیکرٹری رانا محمد فیاض کی صوبائی وزیر تعلیم سے ملاقات، پسرور میں یونیورسٹی کیمپس بنانے اور سرکاری اسکولوں کی اپ گریڈیشن پر زور، چیف منسٹر وزیر تعلیم جلد پسرور کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے اپنی فیس بک پر کہا کہ پسرور سیکرٹری آبپاشی، پنجاب رانا محمد فیاض نے صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور گرینڈ اسمبلی رانا محمد نسیاب خاں سے ان کی رہائش گاہ پر اہم ملاقات کی، جس میں پسرور میں یونیورسٹی کیمپس کے قیام اور گورنمنٹ اسکولوں کی اپ گریڈیشن سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران علاقے میں تعلیمی سہولیات کی فراہمی، تعلیمی معیاری بہتری اور طلبہ کو جدید تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر پسرور میں تکنیکی شعبے کی ترقی کے لیے عملی اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی۔ رانا محمد فیاض نے کہا کہ پسرور کے عوام کو معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گورنمنٹ اسکولوں کی اپ گریڈیشن کے منصوبوں پر جلد عملی پیش رفت متوقع ہے، جبکہ پسرور میں یونیورسٹی کیمپس کے قیام کے حوالے سے بھی اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بہت جلد عوام کو اس حوالے سے خوشخبری سننے کو ملے گی، جس سے علاقے کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے مزید مواقع میسر آسکیں گے۔ وزیر تعلیم پنجاب نے کہا کہ دورانِ گفتگو رانا محمد فیاض ایم پی اے کی طرف سے تحصیل پسرور میں جدید تعلیم کے فروغ کی کوششوں کی مکمل ☒ید اور سرپرستی کرنے پر رانا محمد فیاض نے وزیر تعلیم کو پسرور کے دورے کی دعوت دی جسے وزیر تعلیم نے قبول کر لیا عوامی حلقوں سے متعلق ذمہ داریوں کی تکمیل سے پسرور میں تعلیم کے معیار کو مزید فروغ ملے گا اور نوجوانوں کے لیے ترقی کے نئے راستے کھلیں گے۔

اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت صاحب کی زیر صدارت تحصیل پسرور کے تمام لائسنس ہولڈرز کا اجلاس منعقد ہوا

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت صاحب کی زیر صدارت تحصیل پسرور کے تمام لائسنس ہولڈرز کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں آئے والے ماہ محرم الحرام کے انتظامات اور سکیورٹی امور کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر آفس میں میٹنگ۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت صاحب کی زیر صدارت تحصیل پسرور کے تمام لائسنس ہولڈرز کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں آنے والے ماہ محرم الحرام کے حوالے سے انتظامات اور سکیورٹی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران جلوسوں اور مجالس کے پرامن انعقاد، ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد، صفائی ستھرائی، ٹریفک مینجمنٹ اور متعلقہ انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے تمام لائسنس ہولڈرز کو انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کی ہدایت کی تاکہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کی فضا برقرار رہے اور معاملہ سسٹم پر مارکر کے مقدمہ درج کر لیا۔

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفدکی برطانیہ کے دورہ کے دوران سرگرمیاں

پارلیمانی گلوبل کمپنی کے تعاون سے صوبہ مسیحی پس کس کی لوائی پروڈکشن کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ سید عاشق حسین کرمانی

لاہور (صابر غوری) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد کی برطانیہ کے دورے کے دوران سرگرمیاں جاری ہیں۔ وفد میں پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہاور دیگر ممبران شامل ہیں۔ وفد نے پارلیمانی گلوبل کمپنی کے آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پاکستان کی لوائی پروڈکشن کے تعاون سے صوبہ میں پارلیمانی گلوبل کمپنی کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی گلوبل کمپنی پنجاب میں کپاس کی معیاری پیداوار کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہاور نے کہا کہ

اے جی ایم انفراسٹرکچر حماد حسن مرزا کا ڈی ایس ریلوے لاہور انعام اللہ کے ہمراہ لاہور ریلوے اسٹیشن کا تفصیلی دورہ

لاہور (صابر غوری) ایڈیشنل جنرل منیجر انفراسٹرکچر حماد حسن مرزا نے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلوے لاہور انعام اللہ کے ہمراہ لاہور ریلوے اسٹیشن کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈویژن کے تمام متعلقہ افسران، اکنجنٹر اور ڈپو ریلوے لاہور ریلوے اسٹیشن کے انفراسٹرکچر مسائل سہولیات اور ریلوے اسٹیشن کی موجودہ استعداد سے مزید بہتر استفادہ

ماہرِ امراضِ قلب ڈاکٹر شاہد اقبال کی زیرِ نگرانی دوسرے کارڈیولوجی ماسٹر کورس کا کامیاب انعقاد

کارڈیولوجی ماسٹر کورس کا مقصد نوجوان ڈاکٹروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور ایف سی پی ایس کارڈیولوجی پارٹ دوم کے امتحان کی مؤثر تیاری تھا، ڈاکٹر شاہد اقبال

لاہور (خبرنگار) معروف ماہرِ امراضِ قلب ڈاکٹر شاہد اقبال کی زیرِ نگرانی دوسرے کارڈیولوجی ماسٹر کورس کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ تربیتی کورس میں مختلف اسپتالوں اور طبی اداروں سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹروں نے شرکت کی اور امراضِ قلب کی تخصیص سے متعلق جدید علمی و عملی مہارتوں سے استفادہ کیا۔ کورس میں شرکت کرنے والے نمایاں شرکاء میں ڈاکٹر محمد ہاشم، ڈاکٹر حنا شہزادی، ڈاکٹر محمد زاہد، ڈاکٹر ازکا اقبال، ڈاکٹر بدر احمد جمال، ڈاکٹر شیخ محمد رحمان ضیاء اور ڈاکٹر سدرا فرحان شامل تھے۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر فیصل سعود ڈار و دیگر فیکلٹی ممبران بھی موجود تھے۔ سہولتی وزیر کو ادارے کی کارکردگی، صحت سہولیات اور انتظامی امور کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ سہولتی وزیر نے اسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ بھی کیا اور صحت سہولیات کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب نرسنگ اینڈ ہیلتھ ورک فورس ریفارم پروگرام کے تحت مختلف اضلاع میں تین اسٹیٹ آف دی آرٹ سنٹر آف ایکسی لینس بنائے جائیں گے۔ پی کے ایل آئی راولپنڈی کے قریب سنٹر آف ایکسی لینس بھی بنا رہے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ کروڑوں اور جگر کی تکلیف میں مبتلا مریضوں کو پی کے ایل آئی راولپنڈی میں صحت کی جدید سہولیات فراہم کی جاری ہیں۔ پیشنٹ ایجوکیشن کے تحت ہزاروں افراد کو مفت علاج کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ رکن قومی اسمبلی طاہر وائیں اور تنگزیب بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر شاہد اقبال نے کہا کہ کارڈیولوجی ماسٹر کورس کا بنیادی مقصد نوجوان ڈاکٹروں کو جدید طبی مہارتوں سے آراستہ کرنا، امراضِ قلب کی تشخیص میں ان کی استعداد کار کو بہتر بنانا اور ایف سی پی ایس کارڈیولوجی پارٹ دوم کے امتحان کی مؤثر تیاری میں مدد فراہم کرنا تھا۔ انہوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ گلمرگ کورس کے تمام شرکاء نے ایف سی پی ایس کارڈیولوجی پارٹ دوم کے امتحان میں کامیابی حاصل کی، جو اس تربیتی پروگرام کی افادیت اور معیار کا واضح ثبوت ہے۔ ڈاکٹر شاہد اقبال نے مزید بتایا کہ اس سے قبل بھی متعدد کارڈیولوجی ماسٹر کورسز کامیابی سے منعقد کیے جا چکے ہیں، جن میں لاہور کے مختلف تدریسی و طبی اداروں سے وابستہ ڈاکٹروں نے بھرپور شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ڈاکٹرز کی پیشہ ورانہ رہنمائی اور حوصلہ افزائی کے لیے مستقبل میں بھی ایسے تربیتی پروگراموں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ کورس کے اختتام پر شرکاء نے اس کورس کو سراہا اور اسے اپنے لیے نہایت مفید اور معاون قرار دیا۔

مسافروں سے زائد کرایہ وصولی پر اے سی سیالکوٹ کا لاری اڈہ کا دورہ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈیزل قیمت کم ہونے کے ثمرات پبلک تک۔ ٹرانسفر کے جائیں۔ -AC ۸ شرافت ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت نے پبلک ٹرانسپورٹرز کو کہا کہ اڈوں پر ویگنوں اور بسوں میں شیریوں سے اوور چارجنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور نے دورانِ انسپکشن پبلک ٹرانسپورٹ کے مسافروں سے کرایہ بارے استفسار کیا اور کہا کہ اوور چارجنگ کرنے والوں کیخلاف فوری شکایت کریں انتظامیہ بھرپور ایکشن کے گی۔ جبکہ ٹرانسپورٹ مالکان کو مسافروں کو سرکاری مقررہ کرایوں پر سفری سہولیات فراہم یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ متعلقہ ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی گئی کہ زائد کرایہ وصولی سے گریز کریں اور سلوکتی زخنا سے مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں۔

ریٹائرڈ ملازمین بوجھ بن جائیں تو اداروں کیلئے سوچ کا مقام ہے، محبوب الٰہی

کراچی (بیورو چیف الطاف حسین) ریٹائرڈ ملازمین بوجھ بن جائیں تو ایسے ملازمین کو اس خاندان کو ذمہ داریاں کیسے پوری ہوں گی؟ آڈٹ کیا کہتا ہے؟ حساب کس کے پاس ہے؟ خاموشی۔ صرف خاموشی۔ مگر سب ہی ریٹائرڈ ملازمین سے انسوسنگ کلب ابھی باقی ہے۔ عدالت عالیہ فیصلے دے چکی۔ قانون اپنی بات کہہ چکا۔ انصاف اپنا موقف لکھ چکا۔ مگر انتظامیہ ایسے بیٹھی ہے جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔ گویا فیصلے عدالتوں کے لیے ہوتے ہیں۔ جمعل درآمد کی اور دنیا میں ہوتا ہے۔ بابا کہتے ہیں۔ جب عدالتی فیصلے بھی فائلوں میں قید ہو جائیں تو سمجھ لو مسئلہ قانون کا نہیں، نیت کا ہے۔ آج صورتحال یہ ہے کہ سفید بالوں والے بزرگ، بیمار اور تھکے ہوئے ریٹائرڈ ملازمین اسٹیٹ آف کورٹ کی درخواست دائر کرنے پر غور کر رہے ہیں۔ ذرا سوچیے۔ جو لوگ پوری زندگی ادارے کے قواعد وضوابط کا احترام کرتے رہے۔ آج وہی لوگ اپنے حق کے لیے عدالت کے کٹہرے کے پرلی آرے کی کارکردگی کو سراہا

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا پی کے ایل آئی راولپنڈی کا دورہ

پنجاب نرسنگ اینڈ ہیلتھ ورک فورس ریفارم پروگرام کے تحت مختلف اضلاع میں تین اسٹیٹ آف دی آرٹ سنٹر آف ایکسی لینس بنائے جائیں گے

پی کے ایل آئی راولپنڈی کے قریب سنٹر آف ایکسی لینس بھی بنا رہے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق

راولپنڈی میں صحت کی جدید سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ سپیشل انیشیٹو کے تحت ہزاروں افراد کو مفت علاج کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پی کے ایل آئی راولپنڈی کا دورہ، رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود، پراجیکٹ ڈائریکٹر پی آئی یو طارق محمود حمانی اور کمشنر راولپنڈی عامر منگ بھی موجود ہیں

ماہِ محرم الحرام کے انتظامات اور سکیورٹی امور کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر آفس میں میٹنگ

سکنڈر مؤذ (عاطف علوی سے) ماہِ محرم الحرام کے انتظامات اور سکیورٹی امور کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر آفس میں میٹنگ۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت صاحب کی زیر صدارت تحصیل پسرور کے تمام لائسنس ہولڈرز کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں آنے والے ماہ محرم الحرام کے انتظامات اور سکیورٹی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران جلوسوں اور مجالس کے پرامن انعقاد، ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد، صفائی ستھرائی، ٹریفک مینجمنٹ اور متعلقہ انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے تمام لائسنس ہولڈرز کو انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کی ہدایت کی تاکہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کی فضا برقرار رہے اور معاملہ سسٹم پر مارکر کے مقدمہ درج کر لیا۔

مزنگ پولیس نے کرکٹ میچ پر جوا کھیلنے والے ملزم فیاض جٹ کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مزنگ پولیس نے کرکٹ میچ پر جوا کھیلنے والے ملزم فیاض جٹ کو گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق مزنگ پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مزنگ اڈا کے قریب سے کرکٹ میچ کرا جوا کھیلنے والے ملزم وسیم کو گرفتار کر کے اس سے جوئے پر استعمال ہونے والا رجسٹر، موبائل فون جوا پرچی بھاری نقدی رقم بھی برآمد کر کے مقدمہ درج کر کے انوسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا۔

خفیہ اطلاع پر شیشہ پارٹی پر چھاپہ مارکر 4 ملزمان گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) مستوکتلہ پولیس نے خفیہ اطلاع پر شیشہ پارٹی پر چھاپہ مارکر 4 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق مستوکتلہ پولیس نے کارروائی کے دوران کلاں ☒ ٹانگ کیفے میں شیشہ پارٹی کرنے والے ملزمان ساحول، شاہد، زین شاہ اور فرمان شاہ کو گرفتار کر کے ملزمان سے 3 حقہ، 10 ڈبیاں شیشہ فلیور اور ساہوکر سسٹم برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔

ہوائی فائرنگ کرنے والے 2 ملزمان گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) سانده پولیس نے دن فائرنگ کال پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرنے والے 2 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق سانده پولیس نے 15 کی کال پر فوری ریسپانس کرتے ہوئے ملزم عدیل کو چاندنی چوک اور ملزم حمزہ کو جوائے شاہ روڈ ہوائی فائرنگ کرنے کے علاقے کے لوگوں میں خوف وحراس پھیلاتے ہوئے گرفتار کر کے 2 عدد پستول بمہ گولیاں برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے۔

باٹا پور پولیس نے ریکارڈ یافتہ 02 رکنی عثمان بکرا چور گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) باٹا پور پولیس نے ریکارڈ یافتہ 02 رکنی عثمان بکرا چور گینگ گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق ایس ایچ او کینٹ اختر نواز کی ہدایت پر نقب زن گینگ کے خلاف کارروائی کے دوران باٹا پور پولیس نے بکرے چوری کی وارداتوں میں ملوث نقب زن گینگ کے سرغنہ عثمان اور یسین کو گرفتار کر کے ان سے ڈیڑھ لاکھ نقدی رقم، 02 بکرے، 02 پستول اور گولیاں برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان سے برآمدہ 894 / 26 اور 986 / 26 باٹا پور پولیس کو مطلوب تھے۔ ملزمان باٹا پور کے مختلف علاقوں میں لاکھوں مالیت کے بکرے چوری کر کے فروخت کرتے اور رقم اپس میں تقسیم کر کے فرار ہو جاتے تھے۔

جمعۃ المبارک کے موقع پر شہر بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہی

لاہور (کرائم رپورٹر) جمعۃ المبارک کے موقع پر شہر بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہی۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر شہر بھر کی تمام مساجد امام بارگاہوں و دیگر عبادت گاہوں سمیت شہر کے داخلی وخارجی راستوں، اہم شاہراہوں پر سکیورٹی کے تحت انتظامات عمل میں لائے گئے۔ سپرنٹنڈنٹ افسران نماز جمعہ کی سکیورٹی چیک کرنے کیلئے فیلڈ میں موجود رہے۔ جبکہ حساس مقامات پر سنائپر تعینات

لڑائی جھگڑے کی کال پر بروقت کارروائی: 10 ملزمان کو گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ہربنس پورہ پولیس نے فائرنگ اور لڑائی جھگڑے کی کال پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے دو فریقین کے 10 ملزمان گرفتار کر لیے۔ گرفتار ملزمان میں صفدر علی، اکبر علی، محمد شہباز، محمد بلال، زین علی، بلی حسنین، اجمد بشارت، حاجی اقبال، بابر حسین اور طفیل احمد شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضہ سے کلاشنکوف، 223 رائفل اور 9 ایم ایم پسٹل اور بھاری مقدار میں گولیاں برآمد کر کے مقدمہ نمبر 2032 / 26 درج کر لیا گیا۔

صوبائی وزیر بلال یاسمین نے صوبے میں ریکارڈ محصولات اکٹھے کرنے پر پی آر اے کی کارکردگی کو سراہا

ٹیکس کلچر کے فروغ اور شفافیت سے صوبے کی آمدن میں اضافہ، ترقی کے نئے باب کھولے گا۔ وزیر ہاؤسنگ پنجاب

لاہور (صابر غوری) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے پنجاب ریونیو اتھارٹی ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا نے صوبائی وزیر کو ادارے کی کارکردگی، رواں مالی سال کے ٹیکس اہداف اور وصولیوں پر آگاہ کیا۔ ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور نئے ٹیکس دہندگان کی رجسٹریشن کے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر بلال یاسین نے صوبے میں ریکارڈ محصولات اکٹھے کرنے پر پی آر اے کی کارکردگی کو سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیکس کلچر کے فروغ اور شفافیت سے صوبے کی آمدن میں اضافہ ترقی کے نئے باب کھولے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے رواں سال صوبے میں ترقی اور عوامی فلاحی منصوبوں پر ریکارڈ بجٹ فراہم کیا۔ سرمد سیکلیر میں ٹیکس فرد بردی روک تھام کیلئے ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم کا نفاذ ناگزیر ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق محصولات میں اضافے کیلئے آئندہ بلال سال کیلئے مربوط قانون سازی کی جاری ہے۔ چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپرا کا کہنا تھا کہ لارج ٹیکس پیئرز یونٹ کے قیام اور ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم سے ادارے کی کارکردگی میں واضح اضافہ ہوا ہے۔

نماز کے اوقات

صبح صادق	3:15
فجر	4:10
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:45

فقہ جعفریہ
طرفین آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین
1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25
میو ہسپتال لاہور
9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8
پی آئی سی لاہور
111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 6 جون 2026ء

ارین فلڈنگ کی روک تھام کے لئے موثر اقدامات جاری: کمشنر فیصل آباد

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے غیر ملکی فنڈڈ ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پر کام بلاتعطل جاری رکھنے کا حکم دیا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر آئندہ مون سون سیزن میں ارین فلڈنگ کی روک تھام کے لئے موثر اقدامات جاری ہیں جن پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لئے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ہاؤسنگ پیرسٹر سلطان باجوہ نے فیصل آباد کا دورہ کیا اور کمشنر فیصل آباد مسرت جبیں کے ہمراہ کمشنر آفس میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ ڈی جی ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن تنویر مرتضیٰ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شرینہ جنجوعہ، ایم ڈی واسا ثاقب رضا، ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی دلاور خان، پھاٹا، صاف پانی اتھارٹی، میونسپل کارپوریشن کے افسران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ کمشنر اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے فیصل آباد میں مون سون انتظامات اور بالخصوص شہر میں ارین فلڈنگ کی روک تھام کے لئے کئے جانے والے اقدامات پر بریفنگ لی اور واسا افسران سے کہا کہ ڈی واٹرنگ سٹیشن سو فیصد فعال اور نشیبی علاقوں کے قریب متعین رہنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ روڈ سائیڈ ڈرینز اور چینلز کی ڈی سلٹنگ کا کام 15 جون تک ہر قیمت پر مکمل کریں۔ انہوں نے ایمرجنسی کیمپس کے فعال ہونے کی تصدیق کی اور 7 اضافی کیمپس کی نشاندہی کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مجموعی طور پر 15 کیمپس جملہ انتظامات کے ساتھ مکمل فعال ہونے چاہئیں۔ انہوں نے نشیبی مقامات (پونڈنگ ایریاز) پر اضافی اقدامات کر کے شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ 9 ڈی سلٹنگ مشینوں کے ذریعے 24/7 کام کریں۔ انہوں نے 10 جون کو مون سون انتظامات کی چیکنگ کے لئے موک ایکسرسائز کرانے کا فیصلہ کیا۔ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے غیر ملکی فنڈڈ ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پر کام بلاتعطل جاری رکھنے کا حکم دیا

تجاوزات کے خلاف مختلف بازاروں، مارکیٹوں میں کارروائیاں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ایس ڈی ای او پیراافورس اشفاق احمد کی تجاوزات کے خلاف مختلف بازاروں، مارکیٹوں میں کارروائیاں، تجاوزات قائم کرنے پر متعدد دوکانیں سیل کر دی۔ ایس ڈی ای او پیراافورس اشفاق احمد نے بائی پاس گوجرانوالہ روڈ، کسوکی روڈ، جلالپور روڈ سمیت اندرون شہر کی مختلف مارکیٹوں، بازاروں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے متعدد مقامات سے تجاوزات ختم کروا دیں جبکہ گوجرانوالہ روڈ پر وارننگ کے باوجود تجاوزات ختم نہ کرنے پر متعدد دکانوں کو سیل کر دیا گیا۔ ایس ڈی ای او پیراافورس کا کہنا ہے کہ حکومتی ہدایات کے مطابق تجاوزات کے خلاف سخت کارروائیاں جاری رہینگی اور کسی بھی دوکاندار یا شہری کو اپنی مقررہ حدود سے تجاوز کرنے کی ہرگز اجازت نہیں۔

چکوال: پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری، 1 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ، 1 یونٹ سیل

کارروائی کے دوران 5 فوڈ بزنس آپریٹرز کو مجموعی طور پر ایک لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چکوال: پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی کی خصوصی ہدایات پر اور ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز چکوال مہتاب خان کی نگرانی میں ضلع بھر میں مختلف فوڈ پروڈکشن یونٹس اور فوڈ بزنسز کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے تفصیلی معائنہ کیا۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق کارروائی کے دوران مجموعی طور پر 13 فوڈ یونٹس کا معائنہ کیا گیا جہاں متعدد مقامات پر فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیاں سامنے آئیں۔ ان خلاف ورزیوں میں ایکسپائر اشیائے خورونوش کی موجودگی، کولڈ اسٹوریج اور فریزرز کے ناقص انتظامات، خوراک کی غیر محفوظ ذخیرہ کاری، صفائی کے ناقص انتظامات اور فوڈ ہینڈلرز کی ذاتی صفائی کے ناقص معیار شامل تھے۔ کارروائی کے دوران 5 فوڈ بزنس آپریٹرز کو مجموعی طور پر ایک لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ سنگین خلاف ورزیوں پر ایک فوڈ یونٹ کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا۔ مزید برآں متعدد فوڈ کاروباروں کو اصلاحی نوٹس جاری کرتے ہوئے فوری بہتری کی ہدایات بھی دی گئیں۔

قدرتی وسائل کا دانشمندانہ استعمال بارے شعور اجاگر کیا جائے۔ وقاص اکرم اعوان

موسمیاتی تبدیلیاں دنیا کیلئے چیلنج بن چکی ہیں۔ سرگرم رکن ورہنماء FPCCI

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) عالمی یوم ماحولیات منانے کا مقصد عوام میں ماحولیاتی تحفظ، شجرکاری اور قدرتی وسائل کے دانشمندانہ استعمال کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ ان باتوں کا اظہار فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سرگرم رکن وقاص اکرم اعوان سابق سینیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے عالمی یوم ماحولیات کے حوالہ سے اہم میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیاں پوری دنیا کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہیں اور ان کے منفی اثرات سے محفوظ رہنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ پاکستان تیزی سے ماحولیاتی تبدیلیوں کے شکار ممالک کی فہرست میں شامل ہے۔ درختوں کا تحفظ اور زیادہ سے زیادہ شجرکاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہر شہری اگر اپنے حصے کا ایک درخت بھی لگائے اور اس کی نگہداشت کرے تو ماحول کو بہتر بنانے اور آلودگی میں کمی لانے میں نمایاں مدد مل سکتی ہے۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت ڈویژنل سٹریٹجک ریزرو مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس

ساہیوال (مہر اے ڈی کیسم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت ڈویژنل سٹریٹجک ریزرو مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، اے سی جی جنرل غلام حسین بھٹی، اسسٹنٹ کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ رانا اورنگزیب، ڈائریکٹر زراعت چوہدری شہباز اختر، ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ عبدالماجد خان، کمیٹی کے اراکین اور متعلقہ افسران نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنرز اوکاڑہ احمد عثمان جاوید اور پاکپتن آصف رضا ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں گندم خریداری 2026-27، گندم کے ذخائر، مارکیٹ میں دستیابی اور حکومتی پالیسی پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ عبدالماجد خان نے گندم خریداری اور ذخیرہ کاری کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ گندم کی ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور غیر قانونی نقل و حرکت کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں کی جائیں۔ انہوں نے فوڈ انسپکٹرز کو فیلڈ میں متحرک رہنے اور مارکیٹ کی مسلسل نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کسانوں اور عوام کے مفادات کا تحفظ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈویژنل سٹریٹجک ریزرو مینجمنٹ کمیٹی گندم کے ذخائر، خریداری، ترسیل اور سپلائی کے نظام کی مؤثر نگرانی جاری رکھے گی

بچے کسی بھی قوم کا روشن مستقبل اور قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

دنیا بھر میں بے شمار معصوم بچے جنگوں گھریلو تشدد غربت استحصال اور ناانصافی کا شکار ہیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) صدر سیالکوٹ لائنز کلب محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے معصوم بچوں کے خلاف جارحیت کے عالمی دن کے حوالہ سے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ بچے کسی بھی قوم کا روشن مستقبل اور قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں ان کے ساتھ تشدد زیادتی نفرت اور جارحیت کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے دنیا بھر میں بے شمار معصوم بچے جنگوں گھریلو تشدد غربت استحصال اور ناانصافی کا شکار ہیں جبکہ بہت سے بچے ذہنی اور جسمانی تشدد کے باعث خوف اور محرومی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ایسے حالات میں انسانیت کا تقاضا ہے کہ بچوں کو تحفظ، تعلیم، محبت اور بہتر ماحول فراہم کیا جائے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ والدین اساتذہ اور معاشرے کے تمام طبقات پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ بچوں کی کردار سازی، تربیت اور ذہنی نشوونما پر خصوصی توجہ دیں اور انہیں خوف کے بجائے اعتماد، محبت اور شفقت کا ماحول فراہم کریں انہوں نے مزید کہا کہ معصوم بچوں کے خلاف جارحیت کا عالمی دن منانے کا مقصد دنیا بھر میں بچوں پر ہونے والے ظلم و تشدد کے خلاف آواز بلند کرنا اور ان کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے تاکہ ہر بچہ محفوظ خوشحال اور باوقار زندگی گزار سکے۔

عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر واسا چنیوٹ کی جانب سے آگاہی ریلی کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر واسا چنیوٹ کی جانب سے آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا تفصیلات کے مطابق عالمی یوم ماحولیات کے حوالے سے واسا چنیوٹ کی جانب سے آگاہی ریلی نکالی گئی۔ ریلی واسا سب ڈویژن نمبر 1 آفس سے شروع ہو کر تحصیل چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کی قیادت علی زین نور، میڈیا کوآرڈینیٹر واسا چنیوٹ نے کی۔ اس موقع پر واسا افسران، سپروائزرز اور ملازمین نے شرکت کی اور ماحول کے تحفظ کے حوالے سے آگاہی پھیلائی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی زین نور نے کہا کہ ※※ شہریوں سے گزارش ہے کہ اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں، زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کریں۔

کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا کوٹ لدھا میں زیر تعمیر پارک کا دورہ

اہل علاقہ اور کوٹ لدھا کی عوام نے آنے والے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد اور سابق ایم این اے حاجی مدثر قیوم ناہرہ نے کوٹ لدھا میں زیر تعمیر پارک کا دورہ کیا سی ای او کارپوریشن گوجرانوالہ قیصر امین وڑائچ، کرامت علی بٹ بھی ان کے ہمراہ تھے اہل علاقہ کوٹ لدھا کی عوام نے انے والے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا اج کا یہ دورہ خصوصی طور پر سابق ایم این اے حاجی مدثر قیوم ناہرہ اور سابق چیئرمین یونین کونسل کوٹ لدھا شیخ مختار احمد کی دعوت پر کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے پارک وزٹ کے دوران یقین دہانی کرائی ہے کہ یہ منصوبہ جلد از جلد مکمل ہو جائے گا۔ یہ پارک اہل علاقہ کے بچوں اور بڑوں کے لیے ایک بڑی تفریح گاہ ہوگی۔ اخر میں چیئرمین شیخ مختار نے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد اور اپنے قائد حاجی مدثر ناہرہ کا بے حد شکریہ ادا کیا

ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل چنیوٹ کے زیر اہتمام ماہانہ فری طبی کیمپ کا انعقاد

سینکڑوں مریضوں کا مفت چیک اپ اور ادویات دی گئیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل چنیوٹ کے زیر اہتمام ماہانہ فری طبی کیمپ کا انعقاد سینکڑوں مریضوں کا مفت چیک اپ اور ادویات دی گئیں تفصیلات کے مطابق جمعرہ روڈ دفتر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل چنیوٹ میں ایک فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جس میں علاقے اور دیگر شہروں سے آئے ہوئے 50 سے زائد مریضوں کا مفت طبی معائنہ کیا گیا اور انہیں ضروری ادویات بھی بلا معاوضہ فراہم کی گئیں میڈیکل کیمپ میں مختلف امراض میں مبتلا مریضوں نے شرکت کی جہاں ماہر طبی عملے نے ان کا تفصیلی چیک اپ کیا مریضوں کو صحت کے حوالے سے مفید مشورے بھی دیے گئے جبکہ ضرورت مند افراد کو مفت ادویات فراہم کی گئیں اس موقع پر صدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری راجہ ریاض احمد دیگر عہدیداران ملک الطاف حسین، رضوان اشرف چوہان، سرور علی چوہدری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ذہنی انسانیت کی خدمت ہی ان کا مشن ہے اور وہ معاشرے کے محروم اور حق افراد کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں بہت سے افراد علاج معالجے کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے ایسے میں فری میڈیکل کیمپ عوام کے لیے بڑی سہولت ثابت ہوتے ہیں

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ساہیوال کو ایک کروڑ روپے کا چیک وصول

یہ کامیابی موجودہ بار قیادت کی انتھک محنت خلوص اور وکلاء کے ساتھ کیے گئے وعدوں کی تکمیل کا عملی ثبوت ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی کیسم سپرا سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ساہیوال کو ایک کروڑ روپے کا چیک وصول۔ صدر ڈسٹرکٹ بار ساہیوال ملک سعید احمد سگلہ ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری میاں طارق کمیانہ ایڈووکیٹ نے حکومت پنجاب کی جانب سے ایک کروڑ کا چیک صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال سے وصول کیا جو وکلاء برادری کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔ یہ کامیابی موجودہ بار قیادت کی انتھک محنت خلوص اور وکلاء کے ساتھ کیے گئے وعدوں کی تکمیل کا عملی ثبوت ہے۔ اس موقع پر صدر بار ملک سعید سگلہ ایڈووکیٹ اور سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار میاں طارق کمیانہ ایڈووکیٹ نے خصوصی طور پر صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے ڈسٹرکٹ بار ساہیوال کے مسائل اور ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بھرپور تعاون فراہم کیا۔ ان کی خصوصی دلچسپی اور کاوشوں کی بدولت بار کو یہ اہم مالی معاونت حاصل ہوئی جو مستقبل میں بار کی ترقی اور وکلاء کی سہولت کے لیے نہایت مفید ثابت ہوگی۔ آخر میں صدر ڈسٹرکٹ بار ساہیوال ملک سعید سگلہ ایڈووکیٹ اور سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ساہیوال میاں طارق کمیانہ ایڈووکیٹ نے وکلاء برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کا اعتماد اور تعاون ہی ان کی طاقت ہے اور وہ مستقبل میں بھی بار کی ترقی اور وکلاء کے تحفظ کے لیے بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے۔

عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر ایک آگاہی ریلی اور شجرکاری مہم کا انعقاد

اس سرگرمی کا مقصد ماحولیات کے تحفظ، شجرکاری، صفائی اور ایک سرسبز و صحت مند پاکستان کے قیام کے لیے اجتماعی ذمہ داری کے شعور کو فروغ دینا تھا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) حکومت پاکستان کے ماحولیاتی تحفظ اور آگاہی کے اقدام کے تحت ایوارڈ پاکستان نے 5 جون 2026 کو عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر ایک آگاہی ریلی اور شجرکاری مہم کا انعقاد کیا جس میں 100 سے زائد نوجوانوں نے بھرپور شرکت کی۔ اس سرگرمی کا مقصد ماحولیات کے تحفظ، شجرکاری، صفائی اور ایک سرسبز و صحت مند پاکستان کے قیام کے لیے اجتماعی ذمہ داری کے شعور کو فروغ دینا تھا۔ شرکا نے ماحولیاتی آگاہی پر مبنی بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر ماحول کے تحفظ، آلودگی کے خاتمے اور قدرتی وسائل کے دانشمندانہ استعمال کے پیغامات درج تھے۔ ریلی کے بعد نوجوانوں اور مہمانوں نے مختلف مقامات پر پودے بھی لگائے تاکہ شجرکاری کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے اور ماحول کو بہتر بنانے میں عملی کردار ادا کیا جا سکے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ کرسٹینا پیٹر، سینئر وائس پریذیڈنٹ ایف ڈبلیو سی سی آئی (FWCCI) اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایوارڈ پاکستان، نے ماحولیات کے تحفظ کی اہمیت پر ایک متاثر کن پیغام دیا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی آلودگی آج دنیا کو درپیش بڑے چیلنجز میں شامل ہیں، اور نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی برادریوں میں مثبت ماحولیاتی اقدامات کے سفیر بنیں۔ اپنے خطاب میں محترمہ کرسٹینا پیٹر نے کہا: "ماحولیات کا تحفظ صرف حکومتوں اور اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر شہری کا اجتماعی فرض ہے۔ ہمارے چھوٹے چھوٹے اقدامات جیسے درخت لگانا، گندگی کم کرنا، پانی کی بچت کرنا اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنا آنے والی نسلوں کے لیے مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔ نوجوانوں میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ وہ اس تبدیلی کی قیادت کریں اور ایک سرسبز، محفوظ اور صحت مند پاکستان کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔" اس موقع پر خصوصی شرکاء میں مسٹر یوسف عدنان، ایگزیکٹو ڈائریکٹر کیئر فاؤنڈیشن، مسٹر فاروق، پرویز پال، عرفان جان، اکمل جاوید گل اور ایوارڈ پاکستان کا سٹاف بھی شریک تھا، جنہوں نے ماحولیات کے تحفظ اور شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لیا۔

بدترین مہنگائی نے عوام کی زندگی مشکل بنا دی ہے: چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول

موجودہ معاشی حالات میں شہریوں کی قوت خرید بری طرح متاثر ہو چکی ہے: چوہدری محمد گلفام مصطفیٰ سیہول

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) بدترین مہنگائی نے عوام کی زندگی مشکل بنا دی ہے موجودہ معاشی حالات میں شہریوں کی قوت خرید بری طرح متاثر ہو چکی ہے اور متوسط و غریب طبقہ روزمرہ ضروریات پوری کرنے کے لیے شدید مشکلات سے دوچار ہے حکومت کو ٹیکسوں کا مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے عوامی سہولتوں میں اضافہ کرنا چاہیے خوراک، ادویات، تعلیم اور توانائی کے شعبوں میں خصوصی رعایتیں دی جائیں تاکہ عام آدمی کو کچھ سکھ کا سانس مل سکے بجٹ سے پہلے عوامی حقائق مدنظر رکھے جائیں تاکہ مہنگائی سے ستائی عوام کو ریلیف مل سکے ان خیالات کا اظہار امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول اور سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری محمد گلفام مصطفیٰ سیہول نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ کسانوں، مزدوروں، سرکاری ملازمین اور چھوٹے کاروباری افراد کے لیے ایسے اقدامات کیے جائیں جو ان کی معاشی حالت بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوں حکومتوں کا کام عوام کو ریلیف دینا ہوتا ہے آئندہ بجٹ میں عوام کو براہ راست ریلیف دیا جائے عوام نے بہت سی امیدیں لگا رکھی ہیں۔

چیف میونسپل آفیسر کی زیر نگرانی تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن، متعدد غیر قانونی تعمیرات مسمار

تجاوزات کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ محمد زبیر وٹو

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی ہدایت پر چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن زبیر وٹو کی نگرانی میں شہر کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا۔ آپریشن کے دوران مستقل اور عارضی تجاوزات کے خاتمے کے لیے بھرپور کارروائی عمل میں لائی گئی۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن محمد زبیر وٹو نے بتایا کہ کارروائی کے دوران 3 مستقل تجاوزات مسمار کی گئیں جبکہ 43 عارضی تجاوزات ختم کر دی گئیں۔ اس کے علاوہ 10 ترپالیں ضبط کی گئیں اور قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی پر 30 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کی انفورسمنٹ ٹیمیں شہر بھر میں روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اور عوامی راستوں، فٹ پاتھوں اور سرکاری اراضی پر کسی قسم کا ناجائز قبضہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ تجاوزات شہریوں کی آمدورفت میں رکاوٹ اور ٹریفک مسائل کا باعث بنتی ہیں، اس لیے ان کے خاتمے کے لیے بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ چیف آفیسر زبیر وٹو نے واضح کیا کہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایات کے مطابق تمام انفورسمنٹ افسران کو روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ میں موجود رہ کر تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرنے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ شہر کو تجاوزات سے پاک رکھا جا سکے۔

موبائل کمپنیوں کے ٹاورز کی بار بار بندش شہریوں کے لیے شدید مشکلات

صارفین کے مطابق بجلی کی بندش کے دوران بیشتر موبائل ٹاورز مکمل طور پر بند ہو جاتے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر میں بجی موبائل کمپنیوں کے ٹاورز کی بار بار بندش شہریوں کے لیے شدید مشکلات کا باعث بننے لگی عوامی و سماجی حلقوں نے موبائل کمپنیوں کی ناقص سروسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیف جسٹس آف پاکستان وزیراعظم پاکستان چیئرمین پیمرا سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر صارفین سے اربوں روپے منافع کمانے والی موبائل کمپنیاں صارفین کو معیاری سہولیات فراہم کرنے میں مکمل ناکام نظر آتی ہیں۔ صارفین کے مطابق بجلی کی بندش کے دوران بیشتر موبائل ٹاورز مکمل طور پر بند ہو جاتے ہیں جس کے نتیجے میں موبائل سگنلز، انٹرنیٹ سروس اور آن لائن رابطے منقطع ہو جاتے ہیں۔ ماضی میں ایسے ٹاورز کو جنریٹرز اور بیک اپ بیٹریوں کے ذریعے فعال رکھا جاتا تھا تاہم اب بیشتر مقامات پر یہ سہولت ختم کر دی گئی ہے جبکہ وجہ سے صارفین نہ صرف مواصلاتی رابطے سے محروم ہو جاتے ہیں بلکہ ان کے خریدے گئے مہنگے انٹرنیٹ اور کال پیکیجز بھی ضائع ہو جاتے ہیں۔ دوسری جانب طلبہ کا کہنا ہے مواصلاتی نظام معطلی کے باعث آن لائن تعلیمی سرگرمیوں اور تحقیقی کاموں میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے جبکہ وکلا، تاجروں اور مختلف سرکاری محکموں کے ملازمین بھی مواصلاتی نظام متاثر ہونے سے مشکلات کا شکار ہوتے ہیں۔ شہریوں کے مطابق بجلی کی بندش کے دوران موبائل نیٹ ورک کا غائب ہو جانا ہنگامی حالات میں مزید خطرناک صورتحال پیدا کر دیتا ہے۔ شہریوں نے چیف جسٹس آف پاکستان، وزیراعظم پاکستان چیئرمین پیمرا سے نوٹس لینے اور لوڈشیڈنگ کے دوران موبائل کمپنیوں کو سروسز فراہم کرنے کا پابند بنایا جائے تاکہ صارفین کو سہولیات میسر آسکیں،

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے ثمرات عوام تک منتقل نہ ہو سکے

جہلم (بیورو رپورٹ) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی کمی کے باوجود جہلم ضلعی ہیڈکوارٹر سے مختلف روٹس پر چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں پھوٹی کوری کی کمی بھی نہ ہو سکی، ٹرانسپورٹرز کی موجیں شہر اور قرب و جوار میں چلنے والے چنگ چی رکشہ ڈرائیوروں نے بھی اپنی الگ بادشاہت قائم کر رکھی ہے کلفٹز کے کرائے بھی کم نہ ہو سکے مسافر لٹنے پر مجبور جن کا کوئی پرسان حال نہیں، ارٹی اے سیکرٹری موٹر وہیکل ایگزیمنر سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پراسرار خاموشی سوالیہ نشان بن گئی جنرل بس اسٹینڈ پر موجود مسافروں نے میڈیا نمائندگان سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ حکومت دو مرتبہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی کمی کر چکی ہے لیکن جہلم کے ارٹی اے سیکرٹری نے اس حوالے سے کسی قسم کو عوام ریلیف دینے کے اقدامات نہیں اٹھائے جو کہ ضلع جہلم کے عوام کے ساتھ سخت زیادتی کے مترادف ہے مسافروں نے چیئرمین ڈسٹرکٹ روڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی / ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹرانسپورٹ کرایوں میں خاطر خواہ کمی کی جائے

تحفظ ماحول کیلئے قدرتی وسائل کا دانشمندانہ استعمال کرنیکی ضرورت۔ عباس ذوالقرنین اعوان

اے ڈی سی جی کی، یر قیادت عالمی یوم ماحولیات کے سلسلہ میں واک کا انعقاد ہوا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر ڈپٹی کمشنر آفس سیالکوٹ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین اعوان کی زیر صدارت آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک میں محکمہ تحفظ ماحولیات، پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی (پی ایچ اے)، ریسکیو 1122، ضلعی انتظامیہ کے افسران و اہلکاروں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ واک کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین نے کہا کہ عالمی یوم ماحولیات منانے کا مقصد عوام میں ماحولیاتی تحفظ، شجرکاری اور قدرتی وسائل کے دانشمندانہ استعمال کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیاں پوری دنیا کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہیں اور ان کے منفی اثرات سے محفوظ رہنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ درختوں کا تحفظ اور زیادہ سے زیادہ شجرکاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہر شہری اگر اپنے حصے کا ایک درخت بھی لگائے اور اس کی نگہداشت کرے تو ماحول کو بہتر بنانے اور آلودگی میں کمی لانے میں نمایاں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ صاف ستھرے اور سرسبز ماحول کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات جوہر عباس، ڈائریکٹر پی ایچ اے محبوب الٰہی کھر، انسپکٹر ماحولیات شاہد ڈوگر، ریسکیو 1122 کے افسران و اہلکاروں، محکمہ تحفظ ماحولیات کے عملے اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ بعد ازاں عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے شرکاء نے ڈپٹی کمشنر آفس کے سبزہ زار میں پودے لگائے اور ماحول دوست سرگرمیوں کے فروغ، شجرکاری اور ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ سرسبز اور صاف ماحول ہی آنے والی نسلوں کے محفوظ اور خوشحال مستقبل کی ضمانت ہے۔

حکومتی پارٹی کے مقامی ممبران اسمبلی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کامران حمید کی میرٹ پر مبنی پالیسیوں پر نالاں

لیگی حلقوں کی جانب سے ڈی پی او کے صبح و شام تبادلے کی خبریں ضلع بھر میں گردش کرنے لگیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حکومتی پارٹی کے مقامی ممبران اسمبلی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کامران حمید کی میرٹ پر مبنی پالیسیوں پر نالاں۔ ڈی پی او کے تبادلہ کے لئے کوششیں تیز کر دیں۔ لیگی حلقوں کی جانب سے ڈی پی او کے صبح و شام تبادلے کی خبریں ضلع بھر میں گردش کرنے لگیں۔ تفصیلات کے مطابق قریباً پانچ چھ ماہ قبل حافظ آباد میں کامران حمید کی بطور ڈی پی او تعیناتی عمل میں لائی گئی تو انہوں نے ڈی پی او آفس کے

ادارتی صفحہ
EDITORIAL

صنعتوں کا فروغ اور مسائل

وزیراعظم شہباز شریف سے گزشتہ روز صنعتکاروں کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی جس میں صنعتی معیشت کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا گیا تاکہ پیداوار اور برآمدات میں اضافہ ہو اور ملازمتوں کے مواقع پیدا ہو سکیں۔ بجٹ سے قبل مختلف شعبہ ہائے زندگی کے نمائندوں سے مشاورت ضروری عمل ہے۔ اس سے حکومت کو معیشت کے مختلف سٹیک ہولڈرز کی آرا کو جاننے کا موقع ملتا ہے جس سے آنے والے مالی سال کیلئے بہتر پالیسیاں تشکیل دی جا سکتی ہیں۔ حکومت یقیناً معیشت وصنعت کو درپیش بحرانوں سے ناواقف نہیں۔ سرفہرست چیلنجز توانائی کی بلند ترین قیمتیں، غیر متوازن اور بھاری ٹیکس اور معاشی پالیسیوں میں عدم تسلسل ہے۔ ان مسائل سے نمٹ کر جب تک معیشت کو سازگار ماحول فراہم نہیں کیا جاتا صنعتی ترقی اور پائیدار نمو یقینی نہیں بنایا جا سکتا۔ ملکی معیشت کے ڈھانچے اور گزشتہ چند برسوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں تو یہ منظر تضاد سے بھرپور ہے۔ مالی سال 2022ء میں پاکستان میں محصولات کا حجم 6125 ارب روپے تھا جبکہ رواں مالی سال کیلئے 13979 ارب روپے کے مقررہ ہدف میں سے 30 مئی تک 11227 ارب روپے سے زائد حاصل کیے جا چکے ہیں۔ یعنی گزشتہ چار برس کے دوران حکومت کے ٹیکس ریونیو میں سو فیصد سے زائد اضافہ بظاہر ایک مثبت پیشرفت کو واضح کرتا ہے لیکن دوسری طرف ملکی برآمدات کا حجم 30 ارب ڈالر کے گرد جمود کا شکار نظر آتا ہے۔ اصولی طور پر اگر ملک کا ٹیکس نیٹ اور ریونیو بڑھ رہا ہے تو اس کا اثر پیداواری صلاحیت اور برآمدات میں اضافے کی صورت میں بھی سامنے آنا چاہیے لیکن ملکِ عزیز میں صورتحال اس کے برعکس ہے۔ مالی سال 2022ء میں ملکی برآمدات کا حجم 8.31 ارب ڈالر تھا اور گزشتہ مالی سال برآمدات 9.30 ارب ڈالر تک رہیں۔ یعنی وقت کیساتھ برآمدات میں بجائے اضافے کے کمی ہوئی ہے۔ مالی سال 2021ء اور 2022ء میں بڑے پیمانے کی صنعتوں نے بالترتیب 5.10 فیصد اور 8.10 فیصد ترقی کی مگر اسکے بعد ترقی؟ معکوس کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

مالی سال 2023ء میں صنعتی ترقی کی شرح منفی 26.5 فیصد رہی' 2024ء میں 2.2 فیصد اور 2025ء میں 9.1 فیصد کی شرح سے ترقی ہوئی۔ حیران کن طور پر پیداوار میں گراوٹ کے ساتھ حکومت کے ٹیکس ریونیو میں اضافہ ہوتا گیا کیونکہ دستاویزی معیشت کو فروغ دینے یا پیداوار بڑھانے کے بجائے حکومت ٹیکسوں کا بوجھ بڑھا کر محصولات کے حجم میں اضافہ کرتی رہی۔ یوں بڑھتی ہوئی ٹیکسوں کی شرح سے ملکی مصنوعات عالمی مارکیٹ میں اپنی مسابقت کھوتی چلی گئیں اور صنعتی زوال بڑھتا گیا۔ ان حکومتی پالیسیوں کا منفی اثر سرمایہ کاروں کے اعتماد پر بھی پڑا۔ کاروباری اعتماد کی شرح' جو پہلے 22 فیصد تھی' اب مزید گر کر 13 فیصد پر آ چکی ہے۔ اس مایوس کن صورتحال کی بنیادی وجوہات میں سب سے نمایاں توانائی کے بلند ترین اخراجات ہیں۔ پاکستان میں اس وقت بجلی اور گیس کے نرخ خطے میں سب سے زیادہ ہیں جس کی وجہ سے پیداواری لاگت اس حد تک بڑھ جاتی ہے کہ مقامی صنعتوں کیلئے عالمی منڈیوں میں مسابقت برقرار رکھنا ممکن ہی نہیں ہوتا۔ حکومت کو آنے والے بجٹ میں ان سبھی امور پر ہمدردانہ غور کرتے ہوئے ایسے معاشی فیصلے کرنے چاہئیں جو ملکی معیشت کی ترقی میں حقیقی کردار ادا کر سکیں۔ حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال کیلئے جی ڈی پی کی نمو کا ہجم' جو رواں سال 3.7 فیصد کے لگ بھگ متوقع ہے' چار فیصد مقرر کرنے کا عندیہ دیا جا رہا' مگر اس کا حصول اسی صورت ممکن ہے جب صنعتی پہیہ رواں دواں ہو گا اور مقامی کاروبار کو پھلنے پھولنے کے مواقع میسر آئیں۔

قومی لباس پر مغربی لباس کو ترجیح دی جانا: ایک قومی المیہ

لباس کسی بھی قوم کی تہذیب، ثقافت، روایات اور قومی شناخت کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ دنیا کی ہر باوقار قوم اپنے قومی لباس کو عزت، وقار اور فخر کی علامت سمجھتی ہے۔ جاپان، چین، عرب ممالک، بھارت اور دیگر کئی ممالک کے حکمران اور عوام بین الاقوامی تقریبات میں بھی اپنے قومی لباس کو ترجیح دیتے ہیں تاکہ اپنی تہذیبی شناخت کو برقرار رکھ سکیں۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان میں صورتحال اس کے برعکس دکھائی دیتی ہے جہاں حکمران اشرافیہ، اعلیٰ سرکاری شخصیات اور بااثر طبقے کے بعض افراد قومی لباس کے بجائے مغربی لباس کو زیادہ وقار اور ترقی پسندی کی علامت سمجھتے ہیں۔ یہ رویہ نہ صرف قومی ثقافت سے دوری کا مظہر ہے بلکہ ایک ایسے ذہنی رجحان کی عکاسی بھی کرتا ہے جو اپنی تہذیبی شناخت کو کم تر اور مغربی تہذیب کو برتر سمجھنے پر مبنی ہے۔

پاکستان کا قومی لباس شلوار قمیص ہے جسے ملک کے ہر خطے میں کسی نہ کسی انداز میں پہنا جاتا ہے۔ یہ لباس نہ صرف ہماری مذہبی اور ثقافتی اقدار سے ہم آہنگ ہے بلکہ موسم، معاشرتی ضروریات اور مشرقی روایات کے مطابق بھی انتہائی موزوں ہے۔ قیام پاکستان کے بعد بانی ؟ پاکستان محمد علی جناح نے بھی قومی شناخت کے اظہار کے لیے مقامی لباس کو اہمیت دی۔ ان کی شیروانی اور جناح کیپ آج بھی پاکستانی شناخت کی علامت سمجھی جاتی ہے۔

بدقسمتی سے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ہمارے حکمران اور اشرافیہ کا ایک بڑا طبقہ مغربی لباس کو ترقی، جدیدیت اور اعلیٰ سماجی حیثیت کی علامت سمجھنے لگا۔ سرکاری

تقریبات، بین الاقوامی کانفرنسوں اور سفارتی ملاقاتوں میں اکثر دیکھا جاتا ہے کہ قومی لباس کے بجائے سوٹ، ٹائی اور دیگر مغربی ملبوسات کو ترجیح دی جاتی ہے۔ اگرچہ بین الاقوامی سفارتی آداب میں لباس کے انتخاب کی آزادی موجود ہے، لیکن قومی شناخت کے اظہار کی اہمیت بھی اپنی جگہ مسلمہ حقیقت ہے۔

دنیا کے کئی ممالک اس حوالے سے ہمارے لیے مثال ہیں۔ سعودی عرب کے حکمران اکثر روایتی عرب لباس میں نظر آتے ہیں۔ متحدہ عرب امارات کے سرکاری نمائندے بھی اپنی قومی شناخت برقرار رکھتے ہیں۔ اسی طرح بھارت کے متعدد رہنما قومی لباس پہن کر عالمی فورمز پر شرکت کرتے ہیں۔ ان ممالک نے ترقی کے سفر میں اپنی ثقافتی شناخت کو قربان نہیں کیا بلکہ اسے اپنی طاقت بنایا ہے۔

اصل مسئلہ لباس سے زیادہ ذہنی غلامی کا ہے۔ برصغیر میں تقریباً دو صدیوں پر محیط نوآبادیاتی دور نے ایک ایسا ذہنی اثر چھوڑا جس کے باعث انگریزی زبان، مغربی طرزِ زندگی اور مغربی لباس کو برتری کی علامت سمجھا جانے لگا۔ آزادی حاصل کرنے کے باوجود ہم آج تک اس ذہنی غلامی سے مکمل طور پر آزاد نہیں ہو سکے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض حلقوں میں شلوار قمیص پہننے والے شخص کو دیہاتی یا کم تعلیم یافتہ جبکہ مغربی لباس پہننے والے فرد کو مہذب اور ترقی یافتہ تصور کیا جاتا ہے۔

اس رجحان کے منفی اثرات نئی نسل پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ جب نوجوان اپنے قومی رہنماؤں، بیوروکریسی اور بااثر شخصیات کو قومی لباس سے دور ہوتے دیکھتے ہیں تو ان میں بھی اپنی تہذیبی شناخت کے بارے میں احساسِ کمتری پیدا ہوتا ہے۔ نتیجتاً قومی روایات، ثقافتی اقدار اور مقامی صنعتیں کمزور ہونے لگتی ہیں۔ مقامی ٹیکسٹائل اور دستکاری کے شعبے بھی اسی صورت میں ترقی کر سکتے ہیں جب قومی لباس کو معاشرے میں عزت اور اہمیت حاصل ہو۔

یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ قومی لباس اختیار کرنا ہرگز ترقی کی راہ میں رکاوٹ نہیں۔ ترقی کا تعلق تعلیم، تحقیق، ٹیکنالوجی، قانون کی حکمرانی اور معاشی استحکام سے ہوتا ہے، نہ کہ لباس سے۔ جاپان اور چین نے جدید سائنس اور ٹیکنالوجی میں بے مثال ترقی کی، لیکن اپنی تہذیبی شناخت کو برقرار رکھا۔ اسی طرح خلیجی ممالک نے جدید انفراسٹرکچر اور مضبوط معیشت قائم کی مگر اپنے روایتی لباس کو ترک نہیں کیا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان میں قومی لباس کے حوالے سے مثبت شعور پیدا کیا جائے۔ حکمران طبقہ، پارلیمنٹ کے ارکان، سرکاری افسران اور دیگر بااثر شخصیات قومی تقریبات، یومِ آزادی، یومِ پاکستان اور بین الاقوامی فورمز پر زیادہ سے زیادہ قومی لباس پہن کر قومی تشخص کو فروغ دیں۔ تعلیمی اداروں، میڈیا اور سماجی تنظیموں کو بھی اس حوالے سے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ نئی نسل اپنی تہذیبی جڑوں سے وابستہ رہ سکے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ قومی لباس کو محض ایک رسمی یا دیہی لباس سمجھنے کے بجائے اسے قومی وقار کی علامت کے طور پر پیش کیا جائے۔ دنیا انہی قوموں کا احترام کرتی ہے جو اپنی شناخت، تاریخ اور ثقافت پر فخر کرتی ہیں۔

اگلے روز سالانہ منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی (اے پی سی) کے اجلاس

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اگلے روز سالانہ منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی (اے پی سی) کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ نئے مالی سال میں 4097 ارب روپے کی پراجیکٹ ڈیمانڈ کے مقابلے میں پی ایس ڈی پی کی مد میں 1126 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں' اس طرح حکومت کو مالی سال 27-2026ء میں تقریباً 300 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کو موخر کرنا پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا ترقیاتی بجٹ ضروریات سے کم ہے جس سے منصوبوں کی بروقت تکمیل مشکل ہو گئی ہے اور منصوبہ بندی کے عمل کیلئے ایک سنگین چیلنج ہے۔ ملک کی ترقی عوامی فلاحی منصوبوں میں حکومتی اخراجات پر مدار کرتی ہے لیکن جب ترقی کے منصوبوں کیلئے مطلوبہ رقوم مختص نہ کی جائیں تو اسکے دو طرح سے منفی نتائج سامنے آتے ہیں۔ اوّل یہ کہ عوام ان ترقیاتی منصوبوں کے فوائد سے محروم رہتے اور ان منصوبوں سے ملکی ترقی کے جو امکانات وابستہ ہوتے ہیں وہ عملی صورت اختیار نہیں کر پاتے۔ دوسری جانب اس تاخیر کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ منصوبوں کی لاگت بڑھتی چلی جاتی ہے اور ہمارے ہاں شاید ہی کوئی ترقیاتی منصوبہ ہو جو اپنی تخمینہ مدت اور معینہ لاگت میں مکمل ہوا ہو۔ ملک بھر میں صوبائی اور وفاقی انتظامات میں ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر کی بے شمار کہانیاں موجود

ہیں۔ مثال کے طور پر کراچی کو پانی کی سپلائی کا منصوبہ کے فور' جو 12 سال پہلے 25 ارب روپے میں مکمل ہو جانا تھا مگر مسلسل تاخیر کے شکار اس منصوبے کی لاگت کا تخمینہ اب 200 ارب روپے سے بڑھ چکا ہے اور آنے والے وقت میں یہ لاگت مزید بڑھنا خارج از امکان نہیں کیونکہ افراطِ زر میں اضافے کا سلسلہ تھمتا دکھائی نہیں دے رہا۔ اسی طرح دیگر اہم ترین نوعیت کے منصوبے بھی برسوں بلکہ دہائیوں تاخیر کا شکار ہوتے چلے جاتے ہیں اور ان کی تخمینہ لاگت بڑھتی چلی جاتی ہے۔ اس سلسلے میں تربیلا ڈیم کی توسیع اور پن بجلی کے متعدد منصوبے قابلِ ذکر ہیں جن کی تاخیر سے دہرا نقصان ہوا۔ اس صورتحال میں ضروری ہے کہ اہم ترین نوعیت کے قومی ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی ضابطہ کار بنایا جائے۔ مالیاتی مشکلات اپنی جگہ مگر قومی سطح پر حکمت عملی کے ساتھ کام کیا جائے تو ان مشکلات سے نمٹنا اتنا مشکل نہیں ہو گا۔ ضروری یہ ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کیلئے مالی وسائل کی فراہمی ان کی اہمیت اور افادیت کے تناظر میں ہونی چاہیے۔

ہمارے ہاں دیکھا گیا ہے کہ بہت سے انتہائی اہمیت کے منصوبے دہائیوں التوا کا شکار رہتے ہیں اور ان پر کام رک رک کر چلتا ہے جبکہ اسی دوران بعض ایسے منصوبے جن کی افادیت کم ہوتی ہے' انہیں ترجیحات میں سرفہرست رکھا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ قومی وسائل اکثر ایسے منصوبوں کی نذر ہو جاتے ہیں جن کا حقیقی معنوں میں کوئی فائدہ نہیں ہوتا یا وہ ایسے لازمی نوعیت کے منصوبے نہیں ہوتے کہ وسائل کی فراہمی میں انہیں ترجیح دی جائے۔ اگر اس حوالے سے ایک اصول وضع کر لیا جائے اور اس پر سختی سے عمل کیا جائے تو مالی وسائل یقینی طور پر انہی منصوبوں پر صرف ہوں گے جن کی قومی اہمیت اور افادیت زیادہ ہے۔ اس طرح نہ صرف مالی وسائل کا ضیاع روکا جا سکتا ہے بلکہ ضروری نوعیت کے منصوبوں کی جلد تکمیل سے عوام کو بھی بڑی سہولت میسر آئے گی۔ اس سلسلے میں وفاق اور صوبوں کی سطح پر بھی موثر اقدامات کی ضرورت ہے۔

اٹھارہویں ترمیم کے تحت مالی وسائل کا بڑا حصہ صوبوں کو منتقل ہو جاتا ہے لہٰذا صوبائی حکومتیں اگر مالیاتی نظم وضبط پر توجہ دیں تو موجودہ وسائل ہی کو موثر انداز میں استعمال کر کے زیادہ عملی نتائج حاصل کر سکتی ہیں۔ اس کے ساتھ مانیٹرنگ اور احتساب کے کڑے نظام اور بھاری مراعات کے بجائے حقیقی محکمانہ اصلاحات سے ان مسائل کا ازالہ ہو سکتا ہے جنہوں نے صوبوں کے اربوں روپے کے ترقیاتی بجٹ کے ثمرات کو عوام تک منتقل ہونے سے روک رکھا ہے۔

غلط ثابت کرنے کی دہلیز اور یقین کا حصار

تحریر: ڈاکٹر سنتوش کامرانی

کائنات کی اس بے کراں وسعت میں جب انسان نے پہلی بار آنکھ کھولی ہو گی تو اسے اپنے گرد و پیش کی خاموشی اور ستارے بھرے آسمان نے ایک عجیب تذبذب میں مبتلا کر دیا ہو گا۔ یہ تذبذب ہی دراصل وہ بیج تھا جس سے تجسس کی کونپل پھوٹی اور پھر ہم نے سچائی کی تلاش کے لیے دو بالکل مختلف پگڈنڈیوں پر چلنا شروع کیا۔ ایک راستہ وہ تھا جو ہمیں یہ یقین دلاتا تھا کہ ہم جو دیکھتے اور محسوس کرتے ہیں اس کے پیچھے کوئی ایسی منطق ہے جو کبھی نہیں بدلے گی اور دوسرا راستہ وہ جو ہمیں ہر قدم پر ٹھٹھک کر رکنے اور یہ سوچنے پر مجبور کرتا تھا کہ شاید جو ہم دیکھ رہے ہیں وہ ویسا نہیں ہے جیسا نظر آتا ہے۔ سچائی کے ان دو متوازی سفروں کو اگر ہم آج کے علمیاتی تناظر میں دیکھیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ سائنس اور ان دیکھے اعتبار، یا جس کو ہم یقین بھی کہہ سکتے ہیں، درمیان اصل خلیج وہ نہیں جو عموماً بتائی جاتی ہے بلکہ وہ ایک بنیادی رویے کا فرق ہے جسے غلط ثابت کرنا یا جھٹلانا (Falsification) کہا جاتا ہے۔

سائنس کی دنیا میں سچ کا سفر ثبوتوں کی عمارت کھڑی کرنے کا نام نہیں بلکہ شک کے ہتھوڑوں سے پرانی عمارتوں کو ڈھانے کا نام ہے۔ بیسویں صدی کے عظیم فلسفی کارل پوپر نے جب یہ تصور پیش کیا تو اس نے انسانی علم کی تاریخ میں ایک زلزلہ برپا کر دیا۔ پوپر کا خیال تھا کہ کوئی بھی نظریہ تب تک سائنسی نہیں ہو سکتا جب تک اس میں یہ گنجائش موجود نہ ہو کہ اسے کسی تجربے یا مشاہدے کے ذریعے غلط ثابت کیا جا سکے۔ یہ ایک بہت ہی غیر معمولی بات تھی کیونکہ اس سے پہلے عام تاثر یہ تھا کہ سائنس دان وہ ہوتا ہے جو اپنے نظریے کو درست ثابت کرنے کے لیے ثبوت جمع کرتا ہے۔ پوپر نے اس روایتی مشاہداتی منطق (LogicInductive) کو ایک طرف رکھ کر غلط ثابت کرنے کا جھنڈا بلند کیا اور یہ واضح کیا کہ سائنس کی عظمت اس کے درست ہونے میں نہیں بلکہ اس کے غلط ثابت ہونے کے لیے ہمہ وقت تیار رہنے میں ہے۔ نفسیاتی طور پر یہ ایک بہت ہی تکلیف دہ عمل ہے کیونکہ انسانی ذہن ہمیشہ اور فطرتی طور پر سلامتی اور یقین کا متلاشی رہتا ہے۔ ہم ایسی سچائیوں کے عادی ہیں جو ہمیں سکون دیں نہ کہ ہمیں بے چین رکھیں۔ جب ہم ان دیکھے اعتبار کی منطق کو دیکھتے ہیں تو وہاں استدلال کا رنگ بالکل مختلف ہوتا ہے۔ ان دیکھے اعتبار میں سچائی ایک ایسی چٹان کی مانند ہوتی ہے جس کے گرد پورا انسانی وجود طواف کرتا ہے۔ وہاں استدلال کا مقصد سچائی کو پرکھنا نہیں بلکہ اس کی پہلے سے موجود حقانیت کی تائید کرنا ہوتا ہے۔ ان دیکھے اعتبار کی دنیا میں جب کوئی مشاہدہ یا تجربہ اس کے بنیادی ڈھانچے سے ٹکراتا ہے تو وہاں اس استدلال کا کام اس تضاد کو دور کرنا یا اسے ایک بڑے تناظر میں جذب کرنا ہوتا ہے تاکہ ان دیکھے اعتبار کا قلعہ سلامت رہے۔ یہاں ہم اس تصور کو سمجھ سکتے ہیں کہ انسان کس طرح اپنے پہلے سے قائم شدہ نظریات کو بچانے کے لیے حقائق کی تشریح بدل دیتا ہے۔ سائنس دان اپنے نظریے کو خطرے میں ڈالتا ہے جبکہ صاحبِ یقین اپنے نظریے کو ڈھال بناتا ہے۔ فرض کیجیے کہ ایک ماہرِ فلکیات یہ کہتا ہے کہ اگر کل سورج مغرب سے نکلا تو میری تمام فزکس غلط ثابت ہو جائے گی۔ یہ ایک جرات مندانہ بیان ہے کیونکہ وہ اپنے پورے علم کو ایک ممکنہ واقعے پر داؤ پر لگا رہا ہے۔ اس کے برعکس ان دیکھے اعتبار کے نظام میں کوئی ایسا واقعہ ممکن ہی نہیں جو اس بنیاد کو ہلا سکے۔ وہاں ہر واقعہ چاہے وہ کتنا ہی غیر متوقع کیوں نہ ہو اس کی تشریح پہلے سے موجود ان دیکھے اعتبار کے اندر سے ہی کشید کی جائے گی۔ یہ غیر متبدل سچائی کا تصور ہی ہے جو ان دیکھے اعتبار کو ایک ایسی مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے جس پر تہذیبیں اور سماجی ڈھانچے کھڑے ہوتے ہیں۔ ہمیشہ سے ہی انسانی معاشروں کو جوڑنے کے لیے ایسے نظریات کی ضرورت رہی ہے جن پر شک نہ کیا جا سکے۔ غلط ثابت کرنا اگرچہ سائنسی ترقی کے لیے انجن کا کام کرتی ہے مگر یہ سماج کے لیے ایک بے چینی کا باعث بنتی ہے۔ اگر ہر چیز عارضی ہے اور ہر سچ کل بدل سکتا ہے تو پھر اخلاقیات اور اقدار کی بنیاد کھڑی کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں ان دیکھے اعتبار کا استدلال اپنا کام دکھاتا ہے۔

وہ انسان کو ایک ایسا مرکز فراہم کرتا ہے جہاں سے وہ کائنات کو معنویت دیتا ہے۔ سائنس کائنات کا طریقہ کار بتاتی ہے لیکن ان دیکھا اعتبار اسے مقصد عطا کرتا ہے۔ برصغیر کے علمی ورثے میں بھی ہمیں یہ کشمکش نظر آتی ہے۔ یہاں کے دانشوروں نے ہمیشہ وجدان کو علم کا ایک بڑا ذریعہ مانا ہے۔

وجدان کا استدلال اپنی نوعیت میں انفرادی اور ناقابلِ غلط ثابت کرنا ہوتا ہے۔ جب کوئی صوفی یا مفکر اپنے اندرونی تجربے کی بنیاد پر کوئی بات کہتا ہے تو وہ کسی لیبارٹری کے ثبوت کی محتاج نہیں ہوتی۔

معیشت کے بارے میں بے بنیاد دعوے!

تحریر: سید مجاہد علی

وزیراعظم شہباز شریف نے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت 'برآمدات پر مبنی ترقی کے راستے پر گامزن ہے، برآمدات پاکستان کی معاشی پالیسی کا بنیادی ستون ہیں'۔ اس اصول سے اتفاق کرنے کے باوجود بدقسمتی سے میسر اعداد و شمار وزیراعظم کے دعوؤں کی تائید نہیں کرتے۔ ادارہ شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق 2024 سے 2025 کے درمیان ملکی برآمدات میں اڑھائی ارب ڈالر کمی آئی جبکہ درآمدات میں لگ بھگ دس ارب ڈالر کا اضافہ ہوا۔

یوں ملک کا تجارتی خسارہ روز افزوں ہے اور کوئی سرکاری حکمت عملی اس میں کسی بڑی تبدیلی کا اشارہ نہیں دیتی اور نہ ہی علاقائی یا عالمی حالات کی صورت حال سے یہ قیاس کیا جا سکتا کہ آنے والے دنوں میں ملکی برآمدات میں غیر معمولی اضافہ ہو گا۔ موجودہ حکومت نے کثیر سرمایہ کاری لانے کے بلند بانگ دعوے کیے تھے اور سرمایہ کاری میں سہولت کاری کی خصوصی کونسل (ایس آئی ایف سی) قائم کرنے کا اعلان بھی کیا گیا تھا۔ اس کونسل میں فوج کو خصوصی شراکت دار بنا کر یہ امید کی گئی تھی کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو ضمانت فراہم کرنے کے لیے یہ اقدام اہم اور دلکش ثابت ہو گا۔ لیکن یہ کونسل بھی ملک میں سرمایہ کاری لانے میں کامیاب نہیں ہو سکی۔ تمام تر دعوؤں اور خواہشات کے برعکس 2024 میں ملک میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کی شرح تقریباً اڑھائی ارب ڈالر تھی۔ 2025 کے دوران ان اعداد و شمار میں کسی خاص پیش رفت کا امکان نہیں ہے۔ گویا معیشت کو ترقی کے راستے پر گامزن کر دینے کی دعوے دار شہباز شریف حکومت درحقیقت ملک کے معاشی انحطاط کو روکنے میں ناکام ہے۔

دیگر معاشی اشاریے بھی معاشی ابتری ہی کی کہانی سناتے ہیں۔ ملک میں بے روزگاری کی شرح بدستور ساڑھے پانچ فیصد رہی اور تیس سال سے کم عمر افراد میں یہ شرح 10 فیصد کے لگ بھگ ہے۔ خاص طور سے نوجوانوں میں بے روزگاری بڑھنے سے یہ اندازہ کرنا مشکل نہیں ہونا چاہیے کہ حکومت نہ صرف عمومی طور سے روزگار کی مارکیٹ میں سرگرمی پیدا کرنے میں ناکام ہے بلکہ تعلیم یافتہ اور ہنرمند لوگوں کو روزگار کے حصول میں زیادہ مشکلات کا سامنا ہے۔ عام طور سے یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ بڑی عمر کے لوگ کم تعلیم یافتہ یا ہنرمند نہیں ہوتے اور جدید صنعتی و تجارتی شعبوں میں ان کی کھپت ایک بڑا مسئلہ ہو سکتا ہے۔ جبکہ 18 سے 30 سال عمر کے نوجوان عام طور سے نہ صرف اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوتے ہیں بلکہ اس عمر کے لوگوں میں مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق ایسے شعبوں میں مہارت حاصل کرنے کا جوش و جذبہ موجود ہوتا ہے جو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق ہوتے ہیں۔ لیکن اعداد و شمار سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ حکومت ملک میں ایسی صنعتوں کی حوصلہ افزائی کرنے میں ناکام ہے جہاں ہنرمند افراد روزگار حاصل کر کے ملکی پیداوار میں اضافہ کر سکیں۔ آبادی میں اضافہ ایک علیحدہ معاشی مسئلہ ہے لیکن کسی سرکاری بریفنگ یا گفتگو میں ملک میں دو فیصد کی شرح سے بڑھتی ہوئی آبادی کنٹرول کرنے کے کسی منصوبے کا ذکر نہیں ہوتا۔ اس علت کی وجہ

سے ملک کی کل پیداواری صلاحیت درحقیقت بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات پوری کرنے پر صرف ہو جاتی ہے اور قومی ترقی اور خوشحالی کے کسی منصوبہ کے لیے وسائل فراہم نہیں ہوتے۔ اس کے باوجود سرکاری ترجمان بمشکل تین فیصد کی شرح سے پیداواری اضافے کو بڑا کارنامہ بنا کر پیش کرنے سے گریز نہیں کرتے۔ سوال کیا جا سکتا ہے کہ ایسے دعوے کرنے سے کیا ملک کے قومی مسائل حل ہو جائیں گے؟ کیا نوجوانوں کو کام ملنے لگے گا؟ کیا غیر ملکی سرمایہ کاری آنے لگے گی؟ صاف ظاہر ہے کہ ایسا کچھ نہیں ہو گا لیکن اس کے باوجود وزیراعظم سمیت تمام سرکاری ترجمان یہ تاثر دینے اور دعوے کرنے سے گریز نہیں کرتے کہ ملکی معیشت تیزی سے مضبوط بنیادوں پر استوار ہو رہی ہے۔ مگر اس سوال کا جواب موجود نہیں ہے کہ جب بیروزگاری میں کمی، مہنگائی کی روک تھام، سرمایہ کاری میں اضافے اور برآمدات بڑھانے کا کوئی ہدف حاصل نہیں ہو پا رہا تو حکومت معیشت کی مضبوط بنیاد کس معاملے کو قرار دیتی ہے؟ ملکی معیشت کی صحت کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کا تازہ بیان ملک کے ممتاز صنعتکاروں اور تاجروں کے وفد سے ملاقات میں سامنے آیا ہے۔ وزیراعظم کے بقول حکومت نے ان اہم لوگوں کو بجٹ پالیسی کے بارے میں اعتماد میں لینے کے لیے مدعو کیا تھا۔ گویا یہ بیان کسی عام جلسے میں سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے نہیں دیا گیا بلکہ ملک کے ممتاز سرمایہ داروں کے سامنے اپنی کارکردگی بیان کرنے کے لیے دعوے کے طور پیش کیا گیا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ 'ہم برآمدات پر مبنی ترقی کے راستے پر گامزن ہیں، برآمدات پر مبنی ترقی پاکستان کی معاشی پالیسی کا بنیادی ستون ہے۔ حکومت غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں شامل کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ جبکہ آئندہ بجٹ میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے بھی مختلف تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں'۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت کی کاروبار دوست پالیسیوں نے معیشت کو مستحکم بنایا ہے اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کیا ہے۔ حکومت ایسی صنعتوں کے فروغ کا منصوبہ رکھتی ہے جو مقامی پیداوار میں اضافہ کریں، برآمدات کو بڑھائیں اور زیادہ سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا کریں۔

وزیراعظم کی اس 'بے ضرر' تقریر میں بیان کیے گئے اصول وضع کیے جائیں تو وہ کچھ یوں ہوں گے:

1۔ برآمدات میں اضافہ کا اصول
2۔ غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لانا
3۔ معیشت کے فروغ کے لیے کاروبار دوست پالیسیاں
4۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کا اعتماد بحال کرنا
5۔ پیداواری صلاحیت میں اضافہ کے لیے صنعتی فروغ

عملی طور سے ان امور کا جائزہ لیا جائے تو ان کی حیثیت محض خواب یا سیاسی بیانات سے زیادہ ثابت نہیں ہو گی۔ حکومت برآمدات میں اضافہ کا غل مچاتی ہے اور ان میں مسلسل کمی ہو رہی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ نظام حکمرانی میں کاروباری و سرمایہ کاری کرنے والے عناصر کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گنجلک وغیر واضح قواعد وضوابط اور رشوت ستانی کی وجہ سے نہ کوئی نئی صنعت لگانا چاہتا ہے اور نہ بیرونی سرمایہ ملک میں آتا ہے۔ اسی لیے صنعتوں کے فروغ کی بات محض زیب داستان تک محدود ہو چکی ہے۔

نواز شریف کو انتخابات سے پہلے ہی گلگت کیوں ویران دکھائی دیا؟

تحریر: سید مجاہد علی

مسلم لیگ (ن) کے صدر میاں نواز شریف اتوار کو ہونے والے انتخابات کے موقع پر دیگر سیاسی لیڈروں کی طرح اس وقت گلگت بلتستان کا دورہ کر رہے ہیں۔ ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے علاقے میں ترقیاتی کاموں میں تساہل پر شدید افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ یہاں کی ٹوٹی ہوئی سڑکیں دیکھ کر میرا دل خون کے آنسو روتا ہے۔

میاں نواز شریف نے جلسے میں موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ہمیشہ سے اس علاقے اور یہاں کے عوام سے محبت رہی ہے لیکن اس بار وہ بہت مدت کے بعد وہاں آئے ہیں۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ وزیراعظم شہباز شریف سے بات کریں گے تاکہ اس علاقے میں ترقیاتی کاموں پر توجہ دی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وہ دوسروں پر تنقید نہیں کرتے بلکہ اپنی کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ مانگتے ہیں۔ گلگت بلتستان کے عوام مجھے ووٹ نہ بھی دیں تو بھی وہ میرے لیے اہم ہیں اور میں اس علاقے کی ترقی کے لیے کام کروں گا۔ کچھ اسی قسم کے وعدے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور ان کی بہن آصفہ بھٹو نے بھی عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیے ہیں۔ یہ سارے بڑے لیڈر جو عام طور سے ایک چھوٹا انتظامی خطہ تو کیا عام طور سے قومی مسائل کو ہی 'غیر ضروری' سمجھتے ہیں، اس وقت البتہ اتوار کے الیکشن سے پہلے گلگت بلتستان کے لوگوں کا دل لبھانے وہاں پہنچے ہوئے ہیں۔

ان وعدوں کی اہمیت پر بات کرنے اور قومی معاشی حالات پر نگاہ ڈالنے سے پہلے یہ واضح کرنا اہم ہے کہ اگرچہ گلگت بلتستان کے انتخابات سے مرکز میں قائم شہباز شریف کی حکومت کو کوئی فرق نہیں پڑے گا اور نہ ہی ملک کے سیاست حالات میں کسی بڑی تبدیلی کا کوئی امکان دکھائی دیتا ہے لیکن اس کے باوجود پاکستان تحریک انصاف کی قیادت کو گلگت بلتستان

انٹرنیشنل

لندن: چیئرنگ کراس اسٹیشن کے باہر مسافر بس پکڑنے کے لیے انتظار کر رہے ہیں

تہران: کویت کے ہوائی اڈے پر حملہ نہیں کیا، ایرانی پاسداران انقلاب کی تردید

تہران (این این آئی) ترجمان ایرانی پاسداران انقلاب کا کہنا تھا کہ ایران نے کویت کے ہوائی اڈے پر حملہ نہیں کیا۔ غیر ملکی خبرساں ادارے کے مطابق ترجمان پاسداران انقلاب نے کہا کہ ہوائی اڈے پر تباہی ایرانی میزائل روکنے کے دوران امریکی دفاعی نظام میں خرابی کے باعث ہوئی۔ سینٹرل کمانڈ نے ترجمان ایرانی پاسداران انقلاب کے بیان کی تردید کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ کویت ایئرپورٹ کو امریکی میزائل انٹرسیپٹر سے نقصان نہیں پہنچا۔ ہوائی اڈے پر تباہی ایرانی میزائل روکنے کے دوران امریکی دفاعی نظام میں خرابی کے باعث ہوئی، بیان

طلباء اور کارکن چلی کے شہر سینٹیا گو میں مارچ کر رہے ہیں

حزب اللہ نے اسرائیل پر حملہ نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے، ٹرمپ

ایران کے ساتھ مذاکرات اچھے جا رہے ہیں، فرانس میں جی 7 اجلاس میں شرکت کروں گا، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ہم نے پہلی بار حزب اللہ سے بات کی ہے، انہوں نے اسرائیل پر حملہ نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں گفتگو جرتے ہوئے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات اچھے جا رہے ہیں، ممکن ہے کہ ہفتے کے آخر تک ایران امریکا مذاکرات میں کوئی پیشرفت ہو۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ اسرائیل نے بھی لبنان پر حملہ نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بمباری سے زیادہ آہنائے ہرمز کی ناکہ بندی موثر ہے، مفاہمت کی یادداشت پر میرے دستخط کے بعد آہنائے ہرمز کھلے گی۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ معاہدے پر دستخط کے قریب ہیں، ایران کے ساتھ مذاکرات دنوں میں طے پاسکتے ہیں، ایران کی افزودہ یورینیم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فرانس میں ہونے والے جی 7 اجلاس میں شرکت کروں گا، 14 جون کو وائٹ ہاس میں یو ایف سی فائٹ کے بعد فرانس روانہ ہوں گا، وائٹ ہاس میں اس سطح کی فائٹس پہلے کبھی نہیں ہوئیں ایران کے ساتھ مذاکرات اچھے جا رہے ہیں، فرانس میں جی 7 اجلاس میں شرکت کروں گا، گفتگو

کشمیری بچے بھارتی ریاستی دہشت گردی کا سب سے زیادہ شکار

جنوری 1989 سے اب تک 9 سو 33 بچے شہید، 1 لاکھ 8 ہزار 7 بچے یتیم ہوئے

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں معصوم کشمیر بچے بھارتی ریاستی دہشت گردی کا سب سے زیادہ شکار ہیں۔ بے لگام بھارتی فورسز اہلکاروں نے جنوری 1989 سے اب تک 9 سو 33 بچے شہید جبکہ 1 لاکھ 8 ہزار 7 بچے یتیم کر دیے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے ریسرچ سیکشن کی طرف سے آج ''جارحیت کا شکار معصوم بچوں کے عالمی دن'' پر جاری کی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ جنوری 1989 سے اب تک بھارتی فورسز کے ہاتھوں شہید ہونے والے 96 ہزار 4 سو 97 کشمیریوں میں 933 بچے بھی شامل ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ قابض بھارتی فورسز کی طرف اس عرصے کے دوران بڑے پیمانے پر قتل وغارت کے نتیجے میں علاقے میں 1 لاکھ 8 ہزار 7 بچے یتیم ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارتی فوجیوں، پیرا ملٹر اور پولیس اہلکاروں کی طرف سے فائر کیے گئے پیلٹ، گولیوں اور آنسو گیس کے گولوں سے سکول کے بچوں اور لڑکیوں سمیت ہزاروں افراد زخمی بھی ہوئے۔ زخمی ہونے والے معصوم بچوں میں حباجان، شاہد فیاض، اویس احمد، آصف احمد شیخ، انشا مشتاق، عاقب ظہور، الفت حمید، بلال احمد بٹ، طارق احمد گوجری اور فیضان اشرف تانترے سمیت سینکڑوں افراد شامل ہیں۔ پیلٹ چھرے لگنے سے ان بیگناہوں کی ایک یا دونوں آنکھوں کی بینائی مکمل طور پر ختم ہوگئی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں اور جعلی مقابلوں کے دوران سینکڑوں لڑکوں کے ساتھ ساتھ 19 سال سے کم عمر کی لڑکیوں کو بھی شہید کیا جا چکا ہے جب کہ 19 سال سے کم عمر لڑکوں کی ایک بڑی تعداد کو مقبوضہ علاقے اور بھارت کی مختلف جیلوں میں کالے قوانین کے تحت غیر قانونی حراست کا سامنا ہے۔ دریں اثنا کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں ایک بیان میں کہا کہ آج جب دنیا بھر میں جارحیت کا نشانہ بننے والے معصوم بچوں کا عالمی دن منایا جا رہا ہے وہیں مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں کی طرف سے بڑی تعداد میں کم سن بچوں کے ساتھ زیادتی اور ناروا سلوک مسلسل جاری ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ، او آئی سی، یورپی یونین، انسانی حقوق اور بچوں کے تحفظ کی تنظیموں پر زور دیا کہ وہ آگے آئیں اور کشمیری بچوں کو بھارتی ظلم وتشدد سے بچائیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوجی نہ صرف معصوم بچوں کو گرفتار کرتے ہیں بلکہ انہیں انسانی ڈھال کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق تنازعہ کشمیر کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فورسز نے گزشتہ تین دہائیوں کے دوران مقبوضہ علاقے میں بچوں کی ایک بڑی تعداد کو یتیم اور زخمی کیا ہے

اسرائیل اور لبنان جنگ بندی پر متفق، 22 جون کو دوبارہ مذاکرات کرینگے

حزب اللہ کی جانب سے اسرائیل پر مکمل طور پر حملے بند کیے جائیں گے اور جنوبی لیطانی سیکٹر خالی کرنا ہوگا، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) اسرائیل اور لبنان جنگ بندی پر متفق ہوگئے۔ امریکی ثالثی میں واشنگٹن میں ہونے والے مذاکرات کے بعد مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق جنگ بندی کا مقصد خطے میں کشیدگی کم کرنا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا تھا کہ اسرائیل اور لبنان نے بات چیت جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے، دونوں فریق 22 جون کو دوبارہ مذاکرات کریں گے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق حزب اللہ کی جانب سے اسرائیل پر مکمل طور پر حملے بند کیے جائیں گے اور جنوبی لیطانی سیکٹر خالی کرنا ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق پائلٹ زونز بنائے جائیں گے جن پر لبنانی فوج کا کنٹرول ہوگا، غیر ریاستی عناصر داخل نہیں ہوسکیں گے۔ اسرائیل اور لبنان نے عزم دہرایا کہ ایک دوسرے کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں کیے جائیں گے اور جامع معاہدہ کے لیے اقدامات کریں گے۔ حزب اللہ کی جانب سے اسرائیل پر مکمل طور پر حملے بند کیے جائیں گے اور جنوبی لیطانی سیکٹر خالی کرنا ہوگا، محکمہ خارجہ، اور جنوبی لیطانی سیکٹر خالی کرنا ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق پائلٹ زونز بنائے جائیں گے جن پر لبنانی فوج کا کنٹرول ہوگا، غیر ریاستی عناصر داخل نہیں ہوسکیں گے

ہنٹنگٹن بیچ: کیلیفورنیا کے ریپبلکن گورنر کے امیدوار اسٹیو ہلٹن کے حامی ان کے پرائمری نائٹ ایونٹ میں خوش ہیں

انگلینڈ میں سفید فام نوجوان کے قتل کیخلاف احتجاج، 11 پولیس افسران زخمی

لندن (این این آئی) انگلینڈ میں 18 سالہ سفید فام نوجوان ہنری نوواک کے قتل کے خلاف دائیں بازو کے حامیوں کے احتجاج کے سبب 11 پولیس افسران زخمی ہوگئے جبکہ سو مظاہرین کو گرفتار کرلیا گیا۔ برطانیہ کے وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر نے اپنے بیان میں ہنری نوآک کی گرفتاری کے واقعہ کو پریشان کن قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ گرفتاری کی ویڈیو دیکھی ہے جو کہ دہشت ناک ہے، انڈی پینڈینٹ آفس فار پولیس کنڈکٹ کو معاملہ کی تہہ تک جانا چاہیے۔ کیئر اسٹارمر کا کہنا تھا کہ نسل پرستی کے الزامات کا بھی جواب تلاش کرنا ہوگا۔ دوسری جانب انگلینڈ میں ہیمشائر اینڈ آئل وائٹ چیف کانسٹیبل الیکسز بون نے اٹھارہ برس کے ہنری نوواک کی گرفتاری پر معافی مانگ لی۔ واضح رہے کہ نوواک کو ہتھکڑی لگائی گئی تھی۔

لزبن، پرتگال میں ملک گیر عام ہڑتال کے دوران مسافر بس اسٹاپس پر انتظار کر رہے ہیں

SPORTS سپورٹس

کنگسٹن: سری لنکا کے کوسل مینڈس سبینا پارک میں ویسٹ انڈیز اور سری لنکا کے درمیان ون ڈے انٹرنیشنل سیریز کے ایک میچ کے دوران شاٹ کھیل رہے ہیں۔

اسرائیل نے فلسطین ویمن فٹبال ٹیم کی 2 انٹرنیشنل پلیئرز کو حراست میں لے لیا

مغربی کنارہ (این این آئی) اسرائیل نے فلسطین ویمن فٹبال ٹیم کی دو انٹرنیشنل پلیئرز رند الحلاوانی اور نٹالی ابو دایہ کو حراست میں لے لیا۔ میڈیا رپورٹ کیمطابق نٹالی ابو دایہ کو مقبوضہ مغربی کنارے میں یونیورسٹی کے طلبہ ہاسٹل پر چھاپے کے دوران جب کہ رند الحلاوانی کو مقبوضہ بیت المقدس کے پولیس اسٹیشن بلا کر حراست میں لیا گیا۔ دوسری جانب فلسطین فٹبال ایسوسی ایشن کی جانب سے ایت ھلیٹس کو باضابطہ نشانہ بنائے جانے کی مذمت کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ فلسطین فٹبال ایسوسی ایشن نے فیفا سے فوری کارروائی کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ فلسطین فٹبال ایسوسی ایشن کی جانب سے ایتھلیٹس کو باضابطہ نشانہ بنائے جانے کی مذمت، فوری کارروائی کا مطالبہ، فلسطین فٹبال ایسوسی ایشن کی جانب سے ایتھلیٹس کو باضابطہ نشانہ بنائے جانے کی مذمت، فوری کارروائی کا مطالبہ

لکسمبرگ: اٹلی کے کھلاڑی لکسمبرگ اور اٹلی کے درمیان بین الاقوامی دوستانہ میچ کے اختتام پر جیت کا جشن منا رہے ہیں

بھارتی کرکٹ بورڈ نے سوریا کمار یادیو کو ٹی 20 کپتانی سے ہٹا دیا

ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ جتوانے کے تین ماہ بعد خراب فارم کی وجہ سے ٹیم سے بھی باہر کر دیا گیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ نے سوریا کمار یادیو کو ٹی 20 کپتانی سے ہٹا دیا جبکہ خراب فارم کی وجہ سے انہیں ٹیم سے بھی باہر کر دیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ہوم گراؤنڈ پر ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ جتوانے کے تین ماہ بعد سوریا کمار یادیو کو کپتانی سے ہٹا دیا گیا ہے جبکہ یہ فیصلہ رواں ماہ کے آخر میں شروع ہونے والے آئرلینڈ اور انگلینڈ کے دوروں سے قبل کیا گیا ہے۔ بی سی سی آئی، ٹیم مینجمنٹ اور سلیکشن کمیٹی کے ساتھ مشاورت کے بعد نئے کپتان کا تقرر کرے گا۔ بی سی سی آئی کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے بھارتی میڈیا کو بتایا کہ سلیکشن کمیٹی، بی سی سی آئی اور ٹیم مینجمنٹ نے کوچ گوتم گمبھیر سے مشاورت کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ بھارت کو اب یہاں سے ایک نئے کپتان کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیے۔ سوریا کی کپتانی میں ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ضرور جیتا تاہم ان کی حالیہ فارم اور مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے سب کا یہی خیال تھا کہ اب آگے بڑھنے کا وقت آ گیا ہے۔ بھارتی ٹیم انگلینڈ میں پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلنے سے پہلے آئرلینڈ میں دو ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے گی۔ بطور بلے باز سوریا کی فارم ایک بڑی تشویش کا باعث بنی ہوئی تھی اور وہ گزشتہ دو سالوں سے خاطر خواہ کارکردگی نہیں دکھا سکے، اگرچہ انہوں نے راجستھان رائلز کے خلاف نصف سنچری بنا کر اپنے سیزن کا اختتام کیا تاہم وہ اس سیزن کی 13 اننگز میں 20.76 کی اوسط سے صرف 270 رنز ہی بنا سکے۔ یاد رہے کہ 2024 میں ویسٹ انڈیز میں ورلڈ کپ کی جیت کے بعد جب روہت شرما اس فارمیٹ سے ریٹائر ہوئے، تو بھارت کی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کی کپتانی سوریا کے سپرد کی گئی تھی۔

نیشنل ایشین سٹائل کبڈی چیمپئن شپ، پاکستان واپڈا، پاکستان آرمی، ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس نے اپنے اپنے میچز جیت لئے

اس موقع پر پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا کے علاوہ شائقینِ کی کثیر تعداد بھی موجود تھی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے زیر اہتمام جاری نیشنل ایشین سٹائل کبڈی چیمپئن شپ کے تیسرے روز پاکستان واپڈا، پاکستان آرمی، ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس نے اپنے اپنے میچز جیت لئے۔ اس موقع پر پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا کے علاوہ شائقینِ کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ لیاقت جمنازیم اسلام آباد میں چیمپئن شپ کے تیسرے روز کھیلے گئے پانچ میچز میں پاکستان واپڈا نے پاکستان نیوی کو 36-32 پوائنٹس سے، پاکستان آرمی نے پاکستان پولیس کو 35-16 پوائنٹس سے، پاکستان واپڈا نے ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس کو 38-23 پوائنٹس سے، پاکستان آرمی نے پاکستان ائیر فورس کو 51-31 پوائنٹس سے اور ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس نے پاکستان پولیس کو 62-30 پوائنٹس سے ہرا دیا۔ چیمپئن شپ کے میچز سنگل لیگ کی بنیاد پر کھیلے گئے جس میں پاکستان آرمی اور پاکستان واپڈا نے فائنل میں جگہ بنائی۔ تیسری پوزیشن کے میچ کے لئے پاکستان نیوی اور پاکستان ایئر فورس جبکہ پانچویں پوزیشن کا میچ پاکستان پولیس اور ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ نیشنل ایشین سٹائل کبڈی چیمپئن شپ، پاکستان واپڈا، پاکستان آرمی، ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس نے اپنے اپنے میچز جیت لئے

فرنچ اوپن میں تیسرا بڑا اپ سیٹ، ٹاپ سیڈ سبالینکا بھی آؤٹ ہوگئیں

کوارٹر فائنل میں سبالینکا کو ڈیانا شنائیڈر نے شکست دی، ٹاپ سیڈ بیلاروس کی پلیئر کو عالمی نمبر 23 روسی کھلاڑی نے ناک آؤٹ کیا

پیرس (این این آئی) فرنچ اوپن ٹینس میں ایک اور بڑا اپ سیٹ ہوگیا، ٹاپ سیڈ آریانا سبالینکا بھی ویمنز سنگلز سے آؤٹ ہوگئیں۔ ویمن سنگلز کے کوارٹر فائنل میں سبالینکا کو ڈیانا شنائیڈر نے شکست دے دی۔ ٹاپ سیڈ بیلاروس کی پلیئر کو عالمی نمبر 23 روسی کھلاڑی نے ناک آؤٹ کیا۔ ڈیانا شنائیڈر کی کوارٹر فائنل میں جیت کا اسکور 3-6، 7-5 اور 0-6 رہا۔ خیال رہے کہ یہ ایونٹ میں اب تک تیسرا بڑا اپ سیٹ ہے۔ اس قبل ٹاپ سیڈ یانک سینر کو دوسرے راؤنڈ میں اپ سیٹ شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ بعدازاں دوسرا اپ سیٹ اس وقت سامنے آیا جب برازیل کے 19 سالہ نوجوان زاؤفونسیکا نے سابق چیمپئن نواک جوکووچ کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد شکست دیکر فرنچ اوپن سے آؤٹ کیا۔

فیفا ورلڈ کپ 104 میں سے 97 میچز شدید گرمی سے متاثر ہوسکتے ہیں، رپورٹ

موسمیاتی تبدیلی کے باعث فٹبالرز کی دوڑنے اور تیزی سے ریکور ہونے کی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 کے اکثر میچز پر موسمیاتی تبدیلی کے اثر انداز ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 104 میں سے 97 میچز شدید گرمی سے متاثر ہوسکتے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ موسمیاتی تبدیلی نے ورلڈ کپ میچز میں کھلاڑیوں کی کارکردگی متاثر ہونے کے امکانات بڑھا دیئے ہیں، تقریباً نصف ورلڈ کپ میچز میں کارکردگی متاثر کرنے والی گرمی کا خدشہ 50 فیصد سے زائد ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ورلڈ کپ 2026 میں بڑھتا درجہ حرارت کھیل کی رفتار اور معیار پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث فٹبالرز کی دوڑنے اور تیزی سے ریکور ہونے کی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ یورا گوئے اور اسپین کے درمیان 26 جون کا میچ شدید گرمی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے کا خدشہ ہے، گواڈالاخارا میں یورا گوئے اور اسپین میچ میں شدید گرمی کے امکانات موسمیاتی تبدیلی سے 37 فیصد بڑھ گئے۔ بین الاقوامی ادارے کی رپورٹ میں ورلڈ کپ فائنل میں بھی شدید گرمی کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ ماہرین نے شدید گرمی کو کھلاڑیوں اور شائقین دونوں کے لیے خطرہ قرار دے دیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ 28 ڈگری سینٹی گریڈ سے زائد درجہ حرارت کھلاڑیوں کی کارکردگی کم کرسکتا ہے، شدید گرمی کے باعث ورلڈ کپ میچز میں رفتار، حکمت عملی اور معیار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث فٹبالرز کی دوڑنے اور تیزی سے ریکور ہونے کی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے، رپورٹ

مونا کتا: جینکائی گالف کلب میں پلینس لیڈیز کپ کے پہلے راؤنڈ کے دوران جاپان کی ریکایابوتا نے اپنا ٹی شاٹ پہلے ہول پر مارا

نیشنل کوچنگ کورسز 3 جولائی سے مظفر آباد میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام نیشنل کوچنگ کورسز 3 جولائی سے مظفر آباد، آزاد جموں وکشمیر میں شروع ہوگا۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ چار کھیلوں کے کورسز منعقد ہونگے جن میں تھرو بال، روپ سکپنگ، پیکل بال اور کیچ بال کے کھیل شامل ہیں اور کورسز کے دوران کورسز کے شرکا کو کوالیفائیڈ کوچز اور ٹیکنیکل آفیشلز لیکچرز دیں گے۔ کورسز میں ملک بھر سے مرد اور خواتین تعلیمی اداروں کے سپورٹس ٹیچرز، کوچز اور کھلاڑی اپنے اپنے ناموں کی 26 جون تک رجسٹریشن pakistanstudentsolympic@gmail.com یا واٹس اپ 923013318777+ پر کروا سکتے ہیں، یہ کورس 5 جولائی تک جاری رہے گا

پیرس: آریانا سبالینکا اپنے ویمنز سنگلز کوارٹر فائنل میچ کے دوران ڈیانا شنائیڈر کے خلاف بیک ہینڈ کھیل رہی ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

امن وامان کی فضاء کیلئے سب ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر کردار ادا کریں

ضلعی انتظامیہ اور محکمہ پولیس کی جانب سے بہترین اور فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) تمام مذاہب ومسالک کے افراد کو چاہیے کہ وہ ضلع میں امن و امان کی فضاء برقرار رکھنے کے لیے ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر اپنا اپنا کردار ادا کریں، مجالس کے مقامات اور جلوسوں کے راستوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ پولیس کی جانب سے بہترین اور فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ ضلع بھر میں امن و امان کی فضا قائم رہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے محرم الحرام کے حوالے سے منعقدہ ضلعی امن کمیٹی اور محرم الحرام کے لیے کیے گئے پیشگی انتظامات کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ممبر صوبائی اسمبلی آغا علی حیدر خان، ممبر صوبائی اسمبلی مہر کاشف رنگ الٰہی پڑھیار، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سفیان دلاور، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ ڈاکٹر ندا اقبال، ضلعی افسران سمیت ضلعی امن کمیٹی کے ممبران نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ ممبر صوبائی اسمبلی رانا محمد ارشد بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک تھے۔ تمام مذاہب و مسالک کے افراد، مذہبی علماء سمیت کمیٹی کے ممبران نے اپنی اپنی تجاویز اجلاس میں پیش کیں اور ملک میں امن وامان کی فضا قائم رکھنے کی یقینی دہانی کروائی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے کہا کہ امام بارگاہوں، مدرسوں، مذہبی عبادت گاہوں میں سیکورٹی، صفائی ستھرائی و دیگر انتظامات کو یقینی بنانا ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، امن وامان کی فضا کو قائم رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ پولیس اپنی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے پوری کرے گی۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے کہا کہ تمام مسالک و مذاہب کے علمائے اکرام اپنے خطبات میں معاشرے کو امن، محبت اور رواداری کا درس دیں، محکمہ پولیس، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، ہیلتھ، میونسپل کمیٹیز و دیگر متعلقہ محکموں کی جانب سے تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد نے کہا کہ ضلعی پولیس کی جانب سے عشرہ محرم الحرام کے حوالے سے جامع سیکورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا ہے، امن کو فروغ دینا ہمارا مذہبی اور اخلاقی فریضہ ہے

ضلعی امن و بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کا اجلاس مقرر

سوشل میڈیا پر نفرت انگیز، اشتعال انگیز اور فرقہ واریت پر مبنی مواد کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کاشف ذوالفقار کے ہمراہ محرم الحرام کے پُرامن انعقاد اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ کے سلسلے میں ضلعی امن و بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ضلع چکوال و تلہ گنگ میں امن و امان کی صورتحال، سیکیورٹی انتظامات، مذہبی رواداری کے فروغ اور ضابطہ اخلاق پر مؤثر عملدرآمد کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اجلاس میں علمائے کرام، مشائخ عظام، اکابرین، ضلعی امن کمیٹی کے اراکین، اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ شرکاء نے محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور عوامی شعور بیدار کرنے کے لیے اپنی تجاویز پیش کیں۔ اس موقع پر علماء و مشائخ نے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے ساتھ مکمل تعاون قائم رکھنے اور ضلع کے امن کو ہر صورت مقدم رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن، بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کے قیام کے لیے تمام ممکنہ انتظامات بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر نفرت انگیز، اشتعال انگیز اور فرقہ واریت پر مبنی مواد کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی اور ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضابطہ اخلاق پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جا سکے۔ ڈی پی او کاشف ذوالفقار نے اپنے خطاب میں کہا کہ محرم الحرام کے دوران فول پروف سیکیورٹی پلان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا، جبکہ حساس مقامات، مجالس اور جلوسوں کی کڑی نگرانی کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی، فرقہ واریت اور امن و امان خراب کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے امن کمیٹی کے اراکین پر زور دیا کہ وہ اپنے اردگرد کے ماحول پر گہری نظر رکھیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے علمائے کرام و اکابرین نے کہا کہ اسلام امن، اخوت، محبت، برداشت اور رواداری کا دین ہے

خطبہ جمعہ میں خلیفہ سوم حضرت سیدنا عثمان غنیؓ کی حیات طیبہ پر روشنی ڈالی گئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) اہلسنت کی مساجد میں جمعۃ المبارک کے اجتماعات میں علماء وخطباء نے خلیفہ سوم حضرت سیدنا عثمان غنیؓ کی حیات طیبہ پر روشنی ڈالتے ہوئے انکی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ خلفائے راشدینؓ کے ایام سرکاری سطح پر منائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر آج بھی خلفائے راشدینؓ کے طرز حکمرانی کو اپنایا جائے تو نہ صرف عوام کے مسائل حل ہو سکتے ہیں بلکہ امت مسلمہ اپنا کھویا ہوا وقار دوبارہ بلند کر سکتی ہے۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کے مختلف ہسپتالوں اور ترقیاتی منصوبوں کے دورے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کے مختلف ہسپتالوں اور ترقیاتی منصوبوں کے دورے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی، سٹاف کی حاضری، صفائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا جبکہ سیوریج کے میگا پراجیکٹ کی سائٹ کے دورہ کے موقع پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے ٹی ایچ کیو ہسپتال پنڈی بھٹیاں، مریم نواز ہسپتال جلالپور بھٹیاں اور مریم نواز ہیلتھ کلینک رسولپور تارڑ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور وہاں مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی، بچوں کی ویکسین، سٹاف کی حاضری اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔

سٹی پریس کلب رجسٹرڈ اوکاڑہ کی ممبر شپ کا اعلان 30 جون آخری تاریخ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سٹی پریس کلب اوکاڑہ نے نئی ممبر شپ کا آغاز کر دیا ہے۔ صدر عباس علی جٹ اور جنرل سیکرٹری محسن محمود چوہدری کے مطابق اوکاڑہ سٹی سے تعلق رکھنے والے وہ صحافی جو کسی رجسٹرڈ اخبار، نیوز چینل یا نیوز ایجنسی سے وابستہ ہوں اور کلب کے مقررہ معیار پر پورا اترتے ہوں، اپنی درخواستیں 30 جون 2026 تک جمع کروا سکتے ہیں۔ درخواست گزار کا صحافت سے براہِ راست تعلق اور پیشہ ورانہ ساکھ ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ موصول ہونے والی درخواستوں پر کلب کے عہدیداران کا اجلاس صدر عباس علی جٹ کی صدارت میں منعقد ہوگا، جس میں مشاورت کے بعد اہل امیدواروں کو ممبر شپ دی جائے گی۔

پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی

حکومت آئندہ بجٹ میں مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرے: چوہدری عامر فاروق باجوہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت آئندہ بجٹ میں مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرے اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جبکہ تنخواہ دار طبقہ، مزدور اور کسان شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں بجٹ میں بنیادی ضروریات کی اشیاء پر ٹیکسوں میں کمی کی جائے، بجلی و گیس کے نرخ کم کیے جائیں اور کسانوں کے لیے خصوصی مراعات کا اعلان کیا جائے حکومت کو ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں اور نوجوانوں کو باعزت روزگار مل سکے عوام اب نمائشی اعلانات نہیں بلکہ عملی ریلیف چاہتے ہیں۔ اگر بجٹ میں عام آدمی کے مسائل کو ترجیح نہ دی گئی تو عوام میں مزید بے چینی پیدا ہوگی۔

پیپلز پارٹی گلگت بلتستان آزاد کشمیر میں ریکارڈ ووٹوں سے کامیابی حاصل کرے گی

آزاد کشمیر کے عوام نے ہمیشہ پیپلز پارٹی کو سپورٹ کیا محمد صدیق وائیں

سانگلہ ہل (کھیل رپورٹر رانا اکرم حمید) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد صدیق وائیں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کو اپنا دوسرا گھر سمجھتی ہے پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر کے حقوق کی حفاظت کی جس کے باعث آزاد کشمیر کے عوام پیپلز پارٹی سے والہانہ پیار کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان آزاد کشمیر میں ریکارڈ ووٹوں سے کامیابی حاصل کرے گی آزاد کشمیر میں حکومت پاکستان پیپلز پارٹی کی بنے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کا آزاد کشمیر کے عوام نے جس طرح استقبال کیا ہے وہ قابل تحسین ہے انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے انتخابی مہم کے دوران اعلان کیا ہے کہ آزاد کشمیر اپنی بجلی پیدا کرے گا جو بعد میں وفاق کو فروخت کی جائے گی انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام کو پیپلز پارٹی زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرے گی بجلی اور گیس میں سبسڈی دی جائے گی انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی مضبوط اور مضبوط ہے اس کی جڑیں چاروں صوبوں میں مضبوط ہیں بلاول بھٹو زرداری کو وزیراعظم بنائیں گے انہوں نے کہا کہ بھٹو خاندان نے اپنا لہو دے کر جمہوریت کا چراغ روشن کیا ہے جو کبھی نہیں بجھ سکتا ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کو ایٹمی ہتھیاروں سے لیس کیا بے نظیر بھٹو نے جمہوریت کے فروغ کے لئے اپنی جان قربان کر دی

پی پی 65 کے سابق بلدیاتی نمائندگان اور سرکردہ مقامی راہنماؤں کا مشاورتی اجلاس

بلدیاتی حد بندیوں بارے الیکشن کمیشن میں اعتراضات جمع کرانے کیلئے 4 رکنی کمیٹی بھی قائم کر دی گئی

عارفوالا (نمائندہ قوت) مسلم لیگ ن کے مرکزی سیکرٹری اروپ میں پی پی 65 کے سابق بلدیاتی نمائندگان اور سرکردہ مقامی راہنماؤں کا مشاورتی اجلاس، ایم این اے شازیہ فرید، پیر عامر فرید کی بلدیاتی حد بندیوں بارے تفصیلی مشاورت، تمام یونین کونسلوں کے راہنماؤں کا پیر غلام فرید کی قیادت پر متفقہ طور پر مکمل اعتماد کا اظہار، ہر یونین کونسل میں انکے تمام فیصلے قبول کئے جائیں گے، راہنماؤں کا اعلان، اس موقع پر بلدیاتی حد بندیوں بارے الیکشن کمیشن میں اعتراضات جمع کرانے کے لئے 4 رکنی کمیٹی بھی قائم کر دی گئی کمیٹی میں پیر نعمان علی، ضلعی جائنٹ سیکرٹری سردار حق نواز چیمہ، ملک حنیف اعوان، علی احمد چھینہ ایڈووکیٹ شامل ہیں جو امیدوار پی پی 65 پیر عامر فرید کو ایک ہفتہ میں رپورٹ پیش کرے گی، اجلاس کے شرکاء میں سردار حق نواز چیمہ، سردار محمد افضل، امیر حسین باجوہ، رانا محمد ارشد، حاجی عبدالغفور چھینہ، ملک حنیف اعوان، علی احمد چھینہ، شاہد منیر سلہریا، رانا اشرف سلہریا، اصغر منہاس، خالد وڑائچ، چوہدری فیصل علی ساسی، رانا عرفان، توصیف بھنڈر، بابر گجر نظام پور، میاں فہیم، نعیم بٹ، چمن راں، وارث بٹ اور دیگر بھی شامل تھے، شازیہ فرید نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اہل حلقہ کا میرے والد پیر غلام فرید پر غیر متزلزل اعتماد ہی ہماری حقیقی کامیابی ہے، پیر عامر فرید نے کہا کہ ن لیگی راہنما اور کارکن بلدیاتی الیکشن میں کامیابی کے لئے بھرپور محنت کریں اور عوام سے رابطے جاری رکھیں، اجلاس میں گلگت بلتستان الیکشن میں ن لیگ کی کامیابی اور وزیر اعلیٰ مریم نواز کی صحتیابی کے لئے خصوصی دعا کرائی گئی، اس موقع پر پاکستان اور افواج پاکستان کے حق میں زبردست نعرے بازی بھی کی گئی۔

شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے

سابق حکومت کے دور میں اوپن واٹر سپلائی منصوبہ 195 ملین روپے کی لاگت سے شروع کیا گیا

نارنگ منڈی (نامہ نگار) اہل علاقہ نے 195 ملین روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے صاف پانی کے منصوبے کو فوری طور پر فعال کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے تفصیلات کے مطابق سابق حکومت کے دور میں اوپن واٹر سپلائی منصوبہ 195 ملین روپے کی لاگت سے شروع کیا گیا تھا جو مکمل ہو چکا ہے تاہم حکومت کی تبدیلی کے بعد نئی حکومت نے منصوبے میں مبینہ بے ضابطگیوں اور کرپشن کے الزامات کے باعث اسے روک دیا جس کے نتیجے میں یہ منصوبہ تاحال فعال نہیں ہو سکا سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے اہلِ علاقہ نے کہا کہ عوام کے ٹیکسوں سے جمع ہونے والی خطیر رقم سے منصوبہ مکمل کیا جا چکا ہے شہر کی ایک بڑی آبادی آج بھی پینے کے صاف پانی کی سہولت سے محروم ہے جبکہ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد شہریوں کو صاف اور معیاری پانی کی فراہمی ممکن ہو سکتی ہے انہوں نے مزید بتایا کہ منصوبے کے تحت پائپ لائنیں بچھائی جا چکی ہیں اور پانی ذخیرہ کرنے کے لیے ٹینکیاں بھی تعمیر ہو چکی ہیں جبکہ صرف گھروں تک کنکشن فراہم کرنا باقی ہے اہلِ علاقہ کا کہنا تھا کہ اس منصوبے کو سیاسی اختلافات یا تعصب کی نذر کرنے کے بجائے فوری طور پر فعال کیا جائے تاکہ شہری صاف پانی کی سہولت سے مستفید ہو سکیں۔

ڈائریکٹر زراعت توسیع آئی پی ایم پنجاب ڈاکٹر محمد زاہد کا اوکاڑہ کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈائریکٹر زراعت توسیع آئی پی ایم پنجاب ڈاکٹر محمد زاہد کا دورہ، فیلڈ وزٹ، میگا فارمر گیدرنگ سے خطاب اور بائیو لیب کا معائنہ، وزیر اعلیٰ پنجاب کے کسان خوشحال، پنجاب خوشحال وژن کے تحت ڈائریکٹر زراعت توسیع (آئی پی ایم) پنجاب ڈاکٹر محمد زاہد نے اوکاڑہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بائیو لیب کے معائنہ کے دوران کسان دوست کیڑوں کی افزائش اور بایو کارڈز کی تیاری کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ زراعت آفیسر بائیو لیب اوکاڑہ نے لیبارٹری کی مجموعی کارکردگی پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت محمد اعجاز بھی موجود تھے۔ اس دوران محکمہ زراعت توسیع کے زیر اہتمام میگا فارمر گیدرنگ منعقد کی گئی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد زاہد نے کہا کہ سبزیات، اور کپاس کی کاشت کے لیے انٹیگریٹڈ پیسٹ مینجمنٹ (IPM) کے طریقوں کو اپنانا زیادہ پیداوار اور لاگت میں کمی اور ماحولیاتی بچاؤ کے لیے ناگزیر ہے۔

وسیم کرکٹ کلب مصطفیٰ آباد کی رجسٹریشن کے حوالے سے اجلاس، کھلاڑیوں اور والدین کی بھرپور شرکت

سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد آفس میں منعقدہ اجلاس میں پی سی بی کی جانب سے کلب کی رجسٹریشن پر اظہارِ تشکر

مصطفیٰ آباد (نیوز رپورٹر قوت) وسیم کرکٹ کلب مصطفیٰ آباد کی رجسٹریشن کے حوالے سے ایک اہم اجلاس سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد کے آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کلب کے تمام ممبران، کھلاڑیوں اور ان کے والدین نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ حال ہی میں Pakistan Cricket Board کی ٹیم نے وسیم کرکٹ کلب مصطفیٰ آباد کا دورہ کر کے سکروٹنی کی، جس کے بعد کلب کے انتظامات، سہولیات اور کھیلوں کے فروغ کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کلب کو باقاعدہ رجسٹرڈ کر لیا گیا۔ والدین نے کلب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انتظامیہ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور نوجوان کھلاڑیوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا۔ اس موقع پر وسیم کرکٹ کلب کے اور محمد وسیم بھٹی نے اپنے خطاب میں کہا کہ "یہ ہماری پانچ سالہ جدوجہد، محنت اور لگن کا ثمر ہے کہ آج ہمارا ادارہ پی سی بی سے رجسٹرڈ ہوا ہے۔ ہم نے محدود وسائل کے باوجود نوجوانوں کو کھیلوں کی مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کے لیے مسلسل کام کیا اور اللہ تعالیٰ نے ہماری محنت کو کامیابی سے نوازا۔" انہوں نے والدین، کھلاڑیوں اور کلب کے تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مستقبل میں بھی نوجوان ٹیلنٹ کو آگے لانے اور علاقے میں کرکٹ کے فروغ کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔

مریم نواز ہسپتال میں سہولیات کا فقدان مریضوں کی شکایات میں اضافہ

مقامی سیاسی نمائندوں نے بھی منہ موڑ لیا شہریوں کا مؤثر اقدامات کا مطالبہ

نارنگ منڈی (نامہ نگار) مریم نواز ہسپتال میں سہولیات کا فقدان مریضوں کی شکایات میں اضافہ مقامی سیاسی نمائندوں نے بھی منہ موڑ لیا شہریوں کا مؤثر اقدامات کا مطالبہ نارنگ منڈی میں قائم مریم نواز ہسپتال میں بنیادی طبی سہولیات کے فقدان پر شہریوں اور مریضوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ کے خلاف احتجاج کیا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ متعدد بار شکایات اور احتجاج کے باوجود مسائل حل نہیں ہو سکے مقامی سیاسی نمائندوں کو متعدد بار آگاہ کیا گیا مگر کوئی پرسان حال نہیں ہے تفصیلات کے مطابق نارنگ منڈی کے دیہی مرکز صحت کو مریم نواز ہسپتال میں تبدیل کر کے نجی انتظامیہ کے سپرد کیا گیا تھا تاکہ عوام کو جدید اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں تاہم شہریوں کا الزام ہے کہ نجی انتظامیہ کو ہر ماہ لاکھوں روپے کے فنڈز ملنے کے باوجود مریضوں کو مطلوبہ سہولیات فراہم نہیں کی جا رہیں شہریوں کے مطابق ہسپتال میں ادویات طبی سہولیات اور دیگر ضروری انتظامات کے حوالے سے مسلسل شکایات موصول ہو رہی ہیں جبکہ مقررہ ایس او پیز پر بھی مکمل عملدرآمد نہیں کیا جا رہا ان کا کہنا ہے کہ سرکاری فنڈز کے باوجود ہسپتال کی کارکردگی توقعات کے مطابق نہیں اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے احتجاج کرنے والے شہریوں نے حکومتِ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ ہسپتال کے انتظامی امور کا فوری جائزہ لیا جائے اور اگر موجودہ انتظامیہ عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہے تو ادارے کو واپس لے کر کسی اہل اور تجربہ کار انتظامیہ کے سپرد کیا جائے تاکہ شہریوں کو معیاری طبی سہولیات میسر آ سکیں۔

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیرِ صدارت محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس

اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سعید اختر کی شرکت

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیرِ صدارت محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران سیکیورٹی، صفائی، صحت، ریسکیو اور دیگر انتظامی امور کے جامع انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ اداروں کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سعید اختر، سی ای او ایجوکیشن محمد صفدر ملک، ایس ڈی پی او، پولیس، ریسکیو 1122، واسا، ہتھر اپنجاب، میونسپل اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے دوران ضلع میں امن وامان کو قائم رکھنا، عوامی سہولیات کی فراہمی اور عوام اداران کو ہر ممکن سہولت مہیا کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں انجام دیں تاکہ مجالس اور جلوسوں کے انعقاد کے دوران کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ انہوں نے جلوسوں اور مجالس کے مقامات پر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات، سٹریٹ لائٹس کی فعالیت، نکاسی آب، پینے کے صاف پانی کی دستیابی اور دیگر میونسپل سروسز کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کو تفصیلی احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے پولیس، ریسکیو 1122 اور محکمہ صحت کو باہمی تعاون سے جامع ایمرجنسی ریسپانس پلان پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز، پولیس اور دیگر معاون محکمے مسلسل رابطے میں رہیں اور محرم الحرام کے دوران انتظامات کی خود نگرانی کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ اپنی متعلقہ تحصیلوں میں امن کمیٹی کے اجلاس منعقد کریں، جلوسوں کے مقررہ روٹس اور مجالس کے مقامات کا تفصیلی معائنہ کریں، صفائی، روشنی، سیکیورٹی اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لے کر فوری بہتری کے اقدامات یقینی بنائیں#

ڈرگ انسپیکشن نظام پر سنگین سوالات؛ سیدوالا میں مبینہ منتھلی سسٹم اور جانبدارانہ کارروائیوں کے الزامات

ننکانہ صاحب (نمائندہ قوت) نواحی قصبہ سیدوالا میں ڈرگ انسپیکشن نظام ایک بار پھر تنازع کا شکار ہو گیا ہے جہاں ڈرگ انسپیکٹر پر مبینہ کرپشن، جانبدارانہ طرزِ عمل اور مخصوص افراد کے ذریعے میڈیکل سٹورز کے معاملات چلانے کے الزامات سامنے آئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سیدوالا سمیت ضلع کے مختلف شہروں میں مبینہ طور پر مخصوص ایجنٹوں کے ذریعے میڈیکل سٹور مالکان سے رابطے رکھے جاتے ہیں اور انہی افراد کی سفارشات پر کارروائیوں کا تعین کیا جاتا ہے۔ گزشتہ روز ڈرگ انسپیکٹر کے سیدوالا دورے کے دوران صحافیوں کی جانب سے رابطہ کرنے پر مبینہ طور پر دورے سے لاعلمی ظاہر کی گئی، تاہم بعد ازاں ان کی موجودگی کے حوالے سے سوالات اٹھائے گئے جن پر کسی شخص جواب نہ مل سکا۔ علاقہ مکینوں اور میڈیکل شعبے سے وابستہ افراد کا مؤقف ہے کہ سیدوالا اور ضلع کے دیگر علاقوں میں غیر معیاری، مشکوک اور ممنوعہ ادویات کی فروخت، بغیر نسخہ ادویات کی فراہمی اور بعض مقامات پر غیر قانونی طبی پریکٹس کی شکایات طویل عرصے سے موجود ہیں، مگر مؤثر کارروائیاں دکھائی نہیں دیتیں۔ ذرائع کا مزید دعویٰ ہے کہ متعدد میڈیکل سٹورز مبینہ طور پر ڈمی یا کرایہ کے لائسنسوں پر چل رہے ہیں جبکہ کئی مقامات پر لائسنس ہولڈر یا کوالیفائیڈ پرسن عملی طور پر موجود نہیں ہوتے، جو ڈرگ رولز کی کھلی خلاف ورزی کے مترادف ہے۔

تالاب میں ڈوب کر بچہ جاں بحق ہو گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تالاب میں ڈوب کر بچہ جاں بحق ہو گیا تفصیلات کے مطابق کلری روڈ موضع اوبھان پانی میں ڈوبنے کا واقعہ بارہ سالہ عبدالرحمن تالاب کے پانی میں ڈوب گیا، پانی میں ڈوبنے سے بچہ جان بحق ہو گیا ریسکیو 1122 کی امدادی کی امدادی ٹیم سی پی آر کرتے ہوئے تحصیل ہیڈ کوارٹر منتقل کر رہی ہے جان بحق بچے کی شناخت عبدالرحمان ولد مہدی حسن 12 سال سکنہ بھوآنہ کے نام سے ہوئی ریسکیو ٹیموں نے لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا۔

ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر دکاندار سے ایک لاکھ 13 ہزار روپے کی نقدی لوٹ لی مقدمہ درج

ساہیوال (بیورو رپورٹ) تھانہ یوسف والا کے چند فرلانگ کے فاصلے پر ڈکیتی کی واردات ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر دکاندار سے ایک لاکھ 13 ہزار روپے کی نقدی لوٹ لی مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ یوسف والا کے چند فرلانگ کے فاصلے پر ڈکیتی کی واردات ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر دکاندار مجاہد علی کے کیش کاؤنٹر سے ایک لاکھ 13 ہزار روپے کی نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے پولیس تھانہ یوسف والا بے بسی کی تصویر بن کر رہ گئی جس کی وجہ سے علاقہ بھر کے شہریوں میں شدید بے چینی کا عالم علاقہ بھر کے شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب آئی جی پنجاب اور ار پی او ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ یوسف والا کے علاقے میں بے لگام ڈاکوؤں کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں

ڈی پی او کاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کا رات گئے تھانہ گوگیرہ اور تھانہ اے ڈویژن کا اچانک دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے رات گئے تھانہ گوگیرہ اور تھانہ اے ڈویژن کا اچانک دورہ کر کے تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران ڈی پی او نے فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ روم، حوالات، عمارت اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ایس ایچ اوز کو اشتہاری اور سنگین مقدمات میں مطلوب ملزمان کی فوری گرفتاری کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے ہدایت کی کہ تھانہ آنے والے شہریوں کے ساتھ شائستگی اور خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے۔ ※※ شہریوں کی مدد عبادت ہے، عوامی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں ※※ انہوں نے کہا۔

برکت ٹاؤن شاہدرہ ٹاؤن نالہ سے ایک نامعلوم لڑکی کی لاش برآمد

متوفیہ کی عمر تقریباً 20 سے 21 سال ہے، رنگ صاف اور قد درمیانہ ہے

مرید کے (تحصیل رپورٹر) برکت ٹاؤن شاہدرہ ٹاؤن نالہ سے ایک نامعلوم لڑکی کی لاش برآمد ہوئی ہے پولیس کے مطابق اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی مدد سے لاش کو نالے سے نکالا گیا ابتدائی معلومات کے مطابق متوفیہ کی عمر تقریباً 20 سے 21 سال ہے، رنگ صاف اور قد درمیانہ ہے۔ پولیس کے مطابق لاش 7 سے 8 روز پرانی معلوم ہوتی ہے جبکہ لڑکی کے پاؤں بندھے ہوئے تھے، جس سے بظاہر تشدد کے بعد قتل کا شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے پولیس کے مطابق موقع سے ایسی کوئی چیز برآمد نہیں ہوئی جس سے فوری طور پر لاش کی شناخت ہو سکے پولیس نے لاش کو قانونی کارروائی کے لیے تحویل میں لے کر انوسٹیگیشن ٹیم انچارج نعیم شہزاد اور ملک فاروق کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دے کر مختلف پہلو سے تفتیش کا آغ

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات قابل شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

نتیجہ 1

جیل سپرنٹنڈنٹ فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو غیر اعلان شدہ نشانہ بنایا۔ آپریشن میں فتنہ الہندستان سے تعلق رکھنے والے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولا بارود برآمد ہوا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کئے گئے اس آپریشن میں 4 دہشت گرد کئے گئے کے کیلئے آپریشن جاری ہے۔ مزید اعتماد کے تحت دہشت گردی کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری رکھیں گے۔

نتیجہ 2

کیا کیا گیا کہ روی فوج اس سال ڈھنیک کے علاقے پر قبضہ کیسے کر سکتی ہے، صدر ڈھنیکی نے صدر پوتن سے ملنے شمر کی کوشش کی مطالبہ کیا۔ یوکرینی صدر کا کہنا ہے کہ یوکرین مذاکرات کے دوران جنگ بندی کی گنجائش تیار ہے۔ مذاکرات اور یوکرین جنگ بندی کی گنجائش رکھتے ہیں۔ صدر ڈھنیکی نے کہا کہ اگر روس جنگ بندی کیلئے تیار نہیں ہوتا تو یوکرین آئندہ کیلئے تیار ہے۔ یوکرینی صدر کا مزید کہنا تھا کہ جنگ ختم نہیں کرتے تو آپ کو اپنی ذاتی بقا کیلئے لڑنا پڑے

نتیجہ 3

ہمارے ملک کے ہوئے صدر ڈپ کے ایک یوکرین تنازع کے حل کے لیے صلاحیت صدر ہے۔ ایران کی صورتحال سے متعلق سوال پر صدر ڈپ نے دعوی کیا کہ ایران کے ساتھ ایک معاہدہ ہونے والا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایران کی جانب سے امریکی فوج پر حملہ جنگ کے دوبارہ آغاز کا بہانہ بن سکتا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ ایران کے ساتھ معاہدہ ایک نیو بھی ہوتا ہے اور یہ پورا ہو سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران نے ایٹمی ہتھیار تیار نہیں کیے ہیں، اور یورپی یونین کے ممالک کے ساتھ ایران کے معاہدہ کیا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ ایرانی سے ملاقات میں ہم پرامن ایٹمی پروگرام کی ضمانت دیں گے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے پاس ایٹمی ہتھیار نہیں ہیں، ہم ایران کے ساتھ ایک معاہدہ کر سکتے ہیں۔ ایران کے ساتھ ایک معاہدہ ہونے کا امکان ہے۔ ایران کے ساتھ ایک معاہدہ ہونے کا امکان ہے۔ ایران کے ساتھ ایک معاہدہ ہونے کا امکان ہے۔

نتیجہ 4

کے لئے کہ مارے ماحول کا تحفظ مشترکہ کامل ذمہ داری ہے اور انہائیت کیونکہ ماحولیاتی بیلنس بنانے سے ملنے کے لیے پروجیکٹ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سیلاب، خشک سالی اور گلیشیئر کا پتہ ہے چھلا موسمیاتی تبدیلی کی جمع حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں۔ شیبا ٹرفیٹ کا کہنا تھا کہ پاکستان اس ممالک میں شامل ہے جو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں، ماحولیاتی حزی کے باعث ملک کو انسانی اور معاشی نقصان ہو رہا ہے۔ اعتماد کیا جاتا ہے کہ ہمارے ملک کو نقصانات کا سامنا ہے۔ ان بیلنسز نے ملک کے لیے انفرادی، سماجی اور عالمی سطح پر سنگین مسائل پیدا کر دیئے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت جامع تبدیلی تیاری کے لیے انفرادی، سماجی اور عالمی سطح پر سنگین مسائل پیدا کر دیئے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت جامع تبدیلی تیاری کے لیے انفرادی، سماجی اور عالمی سطح پر سنگین مسائل پیدا کر دیئے ہیں۔

نتیجہ 5

وزیر اعظم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ سرحدوں کی حفاظت کے لیے اقدامات ضروری ہیں، بارڈر سیکیورٹی کے لیے اس کی اوکاپیک فارم اہم ہے، اعتماد ہیں کہ باہمی کی۔ ذریعہ اوکاپیک فارم کا ہے کہ پاکستان ہر ملک کی خودمختاری کا احترام کرتا ہے، ہمیں ایک دوسرے کے خلاف کام کرنے کا موقع نہ دینا ہے، بارڈر سیکیورٹی سرحدی جرائم کی روک تھام کیلئے بہت اہم ہے۔

نتیجہ 6

کستان سے متعلق سوال کے جواب پر بھارتی وزیر داخلہ آپ کو بیٹھ بیٹھ زبردک آئیک فورم کے دوران بھارتی صحافی کے سوال پر صدر پوتن نے کہا یہ کہنا غلط ہے کہ پاکستان بھی کو ہر اس کے ساتھ پاکستان ایک ایک بڑا ملک ہے اور اس کے تعلقات بھی تعلقات ہیں۔ دلائیہ پوتن نے کہا کہ روس نے بھی تعلقات کے ساتھ ہمیشہ قوی میدان میں تعاون کیا اور اسے کیا ہمارے رنگ کے۔ ایران کے ساتھ اسلامی جمہوریہ پوتن نے کہا کہ روس کا ایران کے ساتھ اسلامی کا تعلق ہے۔ بھرپور تعاون کے ساتھ ہمارا من طریقے سے ایک دوسرے کے ساتھ ہمارا من طریقے سے ایک دوسرے کے لیے تیار ہیں۔

نتیجہ 7

تعلقات اور سطح کی تاخیر میں صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں تکنیکی ہی اور ذاتی سلامتی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزراء نے داخلہ نے تعلقات کے باہمی امور کے لیے سفارتی کوششیں کرنے کے ساتھ ہی ایران کے ساتھ رابطہ رکھنے کی ضرورت پر زور

نتیجہ 8

جناب کے بیان کا دوسرے دریائی نظام میں رح مومنا سنہ طاہر مجاہدے کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے دفاع اور سلامتی اور اپنی قومی آئین کے اصولوں سے محروم ہے۔ ترجمان کے مطابق بھارت کے سامان اور ڈیم کے ذخیرے کی تکنیکی بڑھانے کے پیار پر ایک کنٹرول دے سکتا ہے جو سنہ طاہر مجاہدے کے تحت قائل قبول نہیں۔ ترجمان نے کہا کہ یہ معاہدہ بھارت کے ساتھ ہے کہ پاکستان اپنے اپنی حقوق اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب آپشنز محفوظ رکھتا ہے۔

نتیجہ 9

بازیہن کا ایران پر اسرائیلی فضائی حملوں میں 18 افراد جاں بحق اور قاری کی ہوگئے۔ ایلان وزارت صحت کے حوالے سے ایران میں 3 بچے اور 2 خواتین کی جاں بحق ہوئے ہیں۔ ایلان وزارت صحت کا کہنا تھا کہ اسرائیل کی جانب سے لبنان پر حملے جنگ بندی کے خلاف ہے۔ واضح رہے کہ اسرائیل اور امریکا میں جنگ بندی پر متفق ہوئے۔ امریکی ثالثی میں ہونے والے مذاکرات کے بعد مشترکہ اعلامیہ جاری کیا

نتیجہ 10

کے مطابق قبلہ مارشل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف نے سفارتی کوششوں کی قیادت کی، پاکستان

نتیجہ 11

کے سب سے جو بڑی قاصرے اور اس سے جو بڑی سرگرمیں کی گنجائش اور ان کامل تصدیق کرنے کی اس کی صلاحیت جدید ہو جاتی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ایک بیان میں ایران نے کہا کہ اسے ایران میں غیر اعلانیہ جوہری سرگرمیوں اور مواد کے بکھرنے کے بارے میں شدید خدشات لاحق ہیں۔ ایجنسی نے کہا کہ ایران کے جوہری پروگرام سے وابستہ بعض مقامات اور سرگرمیوں سے متعلق معلومات میں مسلسل خلا موجود ہے۔ آئی ایم اے ای رسائی ہوا کا ہمارا بیان کے سامنے میں ایران کے پاس موجود اور مواد کے بکھرنے کے بارے میں شدید خدشات لاحق ہیں۔ ایجنسی نے کہا کہ ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق معلومات میں مسلسل خلا موجود ہے۔ آئی ایم اے ای رسائی ہوا کا ہمارا بیان کے سامنے میں ایران کے پاس موجود اور مواد کے بکھرنے کے بارے میں شدید خدشات لاحق ہیں۔ ایجنسی نے کہا کہ ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق معلومات میں مسلسل خلا موجود ہے۔ آئی ایم اے ای رسائی ہوا کا ہمارا بیان کے سامنے میں ایران کے پاس موجود اور مواد کے بکھرنے کے بارے میں شدید خدشات لاحق ہیں۔

نتیجہ 12

میں قیام کے بعد لندن جا چکے اور ایک ہفتہ لندن میں قیام کریں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ لندن میں میاں صاحب کے بیٹے حسین نواز کی رہائش گاہ پر مختلف سیاسی ملاقاتیں بھی کریں گے۔ سوشل ایجنسی کے مطابق گزشتہ دنوں گلف میں انتہائی طیبے سے خطاء کے ہوئے نواز شریف کا آخر تھا جب میں وزیر اعظم تھا تو کیا مارکیٹ اور گلف پر کیا تھا جس گلف میں ہوتا ہے ہوتا ہوا کہ ہوتا ہے کہ ہم صرف ہوتا ہے کہ ہم صرف ہوتا ہے کہ ہم صرف

18ویں ترمیم کے بینیفشری وفاق اور چاروں صوبے تھے، رانا ثناء اللہ

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ایک سوشل ویلفیئر اسکیم ہے، ایسی اسکیموں کو صوبے زیادہ بہتر انداز میں مینج کر سکتے ہیں

ویں ترمیم کے تحت صوبوں کو وسائل ملے وہ اس کے مطابق اختیارات بھی لے لیں، مشیر وزیراعظم

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ بلاول گلگت بلتستان آپ کو کریڈٹ دیں گے، انتخابی مہم کے دوران بھی بلیم کیا جاتا ہے، بلاول اس کے علاوہ کیا کہیں گے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ 18ویں ترمیم کے تحت صوبوں کو وسائل ملے، وہ اس کے مطابق اختیارات بھی لے لیں، مشیر وزیراعظم نے کہا کہ 18ویں ترمیم کے تحت صوبوں کو وسائل دیئے گئے، وفاق اور چاروں صوبے بینیفشری تھے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ 18ویں ترمیم کے بینیفشری وفاق اور چاروں صوبے تھے۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت پی ڈی پی کا جائزہ اجلاس

مریم نواز کا سوہنا پنجاب" پروگرام کے تحت 103 شہروں میں سے 52 میں زیر زمین واٹر سٹوریج ٹینکس بن گئے ہیں، صوبائی وزیر

وزیر بلدیات نے پروگرام مینجمنٹ یونٹ اور فیلڈ سٹاف کو اچھے کام پر شاباش دیتے ہوئے کہا کہ معیار اور رفتار پر کسی میں خیال رکھا جائے

ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کے پروگرام مینجمنٹ یونٹ (پی ایم یو) کے آفس میں اجلاس کے دوران اب تک کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا ہے۔ سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شاہد زمان لک نے صوبائی وزیر کو بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ "(بقیہ نمبر 4 1)

لاہور: وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آزاد کشمیر، عوامی ایکشن کمیٹی کا لانگ مارچ، آئی جی نے اضافی سکیورٹی مانگ لی

60 فیصد اضافی نفری کو رائٹ کنٹرول گیئر اور آنسو گیس سے لیس رکھنے کی تجویز دی گئی ہے

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر میں عوامی ایکشن کمیٹی کی جانب سے 9 جون کو لانگ مارچ کی کال کے باعث سیکیورٹی باہی الرٹ کر دی گئی، اضافی نفری طلب کرنے کا فیصلہ بھی کر لیا گیا، جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی کال پر حکومت نے سیکیورٹی پلان تیار کر لیا۔

راولپنڈی، ہسپتال میں زیر علاج ملزم پولیس کو چکمہ دیکر فرار

فرائض میں غفلت و لاپرواہی برتنے پر پولیس اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی)۔ بے نظیر بھٹو شہید ہسپتال میں زیر علاج ملزم پولیس کو چکمہ دیکر فرار ہو گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم مشیات اسمگلنگ کے مقدمے میں ملوث تھا اور ہسپتال کے سرجیکل وارڈ نمبر 9 میں زیر علاج تھا۔ ملزم کی نگرانی کے لیے اے ایس آئی عمران اور کانسٹیبل قمر علی تعینات تھے

پشاور: خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات و ورکس کنٹرول سید فخر جہان انصاف ڈاکٹر نوفم کے وفد سے اظہار خیال کر رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی 74ویں سالگرہ

9 جون کو منائی جائے گی

ملتان (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی 74ویں سالگرہ 9 جون کو منائی جائے گی۔ سید یوسف رضا گیلانی 9 جون 1952 کو جنوبی پنجاب کے معروف سیاسی و مذہبی پیر گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ملتان کا گیلانی خاندان گزشتہ کئی برسوں سے میدان سیاست میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی چیئرمین سینیٹ منتخب ہو چکے ہیں وہ سینئر قومی اسمبلی اور وفاقی وزیر ریلوے بھی رہ چکے ہیں انہیں پاکستان کے سب سے طویل عرصہ وزیراعظم رہنے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔

فیصل آباد ٹریفک حادثہ میں 19 سالہ نوجوان جاں بحق

موٹر سائیکل ٹکرانے سے پیش آیا۔ حادثہ میں 19 سالہ عبدالمنان ولد شاہد علی، رہائشی چک نمبر 157 آر بی گوجرہ شدید زخمی ہو گیا۔ رسکیو 1122 نے ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے زخمی نوجوان کو پرائیویٹ ہسپتال چک جمہورہ منتقل کیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ رسکیو 1122 کے مطابق چک جمہورہ کے علاقے ساہیاں والہ فیڈ سٹک انڈسٹریل ایریا میں ہنڈائی سینٹرو کے قریب حادثہ کھڑی ریکسٹر ٹرالی سے

فیصل آباد پولیس نے 15 سال سے مفرور اشتہاری قاتل ملزم گرفتار کر لیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

محکمہ داخلہ نے گرٹ ٹیسٹنگ کے اجراء کے لیے سفارشات محکمہ قانون کو ارسال کر دیں

16 سالہ نوجوانوں کو موٹر سائیکل لائسنس جاری کرنے کی منظوری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 16 سال عمر کے بچوں کو ڈرائیونگ لائسنس جاری کرنے کی منظوری دے دی ہے، جس کے بعد محکمہ داخلہ نے اس حوالے سے گرٹ ٹیسٹنگ کے اجراء کے لیے سفارشات محکمہ قانون کو ارسال کر دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد محکمہ قانون باقاعدہ گرٹ ٹیسٹنگ جاری کرے گا، جس کے تحت 16 سال عمر کے نوجوان موٹر سائیکل چلانے کے لیے ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکیں گے۔ منظور شدہ پالیسی کے مطابق 16 سالہ لائسنس ہولڈر صرف موٹر سائیکل چلانے کا مجاز ہوگا اور موٹر سائیکل پر اپنے پیچھے صرف ایک سواری بٹھا سکے گا۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ اس لائسنس کے حامل نوجوانوں کو چنگ چی رکشہ یا دیگر کمرشل گاڑیاں چلانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

لاہور: ایران کے لاہور میں تعینات قونصل جنرل مہران موصوف فرکا پریس کلب آمد پر صدر ارشد انصاری اور دیگر خیر مقدم کر رہے ہیں

نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا فلائٹ آپریشن کا شیڈول جاری

شیڈول کے تحت گوادر ایئرپورٹ پر ہفتہ وار دو روز فلائٹ آپریشن ہوگا

گوادر (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) نے نیو گوادر ایئرپورٹ کے لیے 15 روزہ کا فلائٹ آپریشن شیڈول جاری کر دیا۔ ترجمان پی اے اے کے مطابق 5 جون تا 20 جون کا نیا شیڈول جاری کیا گیا جس کے تحت گوادر ایئرپورٹ پر ہفتہ وار دو روز فلائٹ آپریشن ہوگا۔ فلائٹ آپریشن پیر اور جمعرات کے روز ہوگا، فلائٹس دوپہر 2 بجے سے شام 5 بجے کے درمیان لینڈنگ اور ٹیک آف کر سکیں گے۔ پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے گوادر ایئرپورٹ پر فلائٹ آپریشن کا نیا فارم بھی جاری کر دیا۔

لاہور: خانہ بدوش پنجابی بادامی باغ منڈی میں کچرے کے ڈھیر سے سبزیاں اکٹھی کر رہی

پشاور: تیغ کلاں پر بھائی نے دو بھائیوں کو قتل کر دیا

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقے ناصر باغ میں تیغ کلاں پر بھائی نے اپنے دو بھائیوں کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے مبینہ طور پر باپ کے پیسوں پر دونوں بھائیوں کو قتل کیا۔ پولیس نے بتایا کہ قتل کے بعد باپ اور بیٹا فرار ہو گئے، واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صدف اطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران نوشت
گروپ ایڈیٹر	صداقت جاوید غوری
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہزاد میاں
ایگزیکٹو ایڈیٹر	نثار احمد شیخ (ایڈووکیٹ ہیرٹیج)

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

کراچی سے آپکا بہت بڑا فین ہوں، بلاول کی نخشے یوٹیوبر شیراز سے ملاقات، ویڈیو وائرل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے معروف نخشے یوٹیوبر شیراز اور ان کی بہن مسکان سے ملاقات کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے دورہ گلگت بلتستان کے دوران شیراز اور مسکان سے ملاقات کی جس کے کچھ ویڈیو کلپس سوشل میڈیا کی زینت بن گئے۔ چیئرمین پی پی نے شیراز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں کراچی سے ہوں اور وہیں سے آپ کو فالو کر رہا ہوں، آپ کا بہت بڑا مداح ہوں، مجھے لگ رہے جعد خوشی ہو رہی ہے۔

فیصل آباد پولیس نے پاپ کوئل کرنے والے ظالم بیٹے کو گرفتار کر لیا

پاپ کوئل کرنے والے ظالم بیٹے کو گرفتار کر لیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

موٹر سائیکل سوار کو ٹرک نے کچل دیا، نوجوان جاں بحق ہو گیا

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت پی ڈی پی کا جائزہ اجلاس

ایک کی پیشرفت کا جائزہ، سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شاہد زمان لک کی بریفنگ

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت گارڈن ٹاؤن میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کے پروگرام مینجمنٹ یونٹ (پی ایم یو) کے آفس میں اجلاس کے دوران اب تک کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا ہے۔ سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شاہد زمان لک نے صوبائی وزیر کو بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ "مریم نواز کا سوہنا پنجاب" پروگرام کے تحت 103 شہروں میں سے 52 میں زیر زمین واٹر سٹوریج ٹینکس بن گئے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ باقیماندہ واٹر ٹینکس پر 30 جون تک کام مکمل ہو جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بارانی پانی کے نکاس کیلئے روڈ سائیڈ واٹر ٹینکس اور 83 ریٹرز پر کام تیزی کے ساتھ جاری ہے۔

لاہور: ایک بزرگ شہری شدید گرمی میں فٹ پاتھ پر دکان بنائی اور گاہکوں کا انتظار کر رہا ہے

لاہور، فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر کمرشل گاڑیوں کے شہر میں داخلے پر پابندی عائد

شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر جنرل ہولڈ اپ، خصوصی چیکنگ مہم کا آغاز کر دیا، سی ٹی او عبدالرحیم

لاہور (این این آئی) شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور ٹریفک قوانین پر موثر عملدرآمد کے لیے لاہور میں بغیر لائسنس، فٹنس سرٹیفکیٹ اور مناسب لائسنس کے کمرشل گاڑیوں کے داخلے پر پابندی عائد کر دی گئی۔ اس حوالے سے چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحم شیرازی کا کہنا ہے کہ صرف وہی کمرشل گاڑیاں شہر میں داخل ہو سکیں گی جن کے ڈرائیورز کے پاس موثر اور درست ڈرائیونگ لائسنس موجود ہوگا۔ بغیر فرنٹ اور بیک لائسنس پلیٹ کے غلط استعمال اور فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر چلنے والی کمرشل گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ریت، مٹی یا دیگر سامان کے جانے والی لوڈر ٹریکٹر ٹرالیوں کو ترپال کے بغیر سڑکوں پر چلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

سیپکو نے طوفان سے متاثرہ 90 فیصد گرڈ اسٹیشنز اور فیڈرز بحال کر دیے

سی ای او انجینئر اعجاز احمد چنڑ نے متاثرہ علاقوں کا دورہ، عملے کی کارکردگی کو سراہا، عوام کے تعاون پر شکریہ ادا کیا

سکھر (این این آئی) سکھر الیکٹرک پاور سپلائی کمپنی (سیپکو) کا طوفان سے متاثرہ گرڈ اسٹیشنز اور فیڈرز کی بحالی کا کام دن رات جاری ہے اور سیپکو کے عملے نے حالیہ بارشوں اور طوفان سے متاثرہ نوے فیصد گرڈ اسٹیشنز اور فیڈرز کو بحال کر دیا ہے۔ اندرون سندھ کے مختلف شہروں میں بجلی کی فراہمی بھی دوبارہ شروع کر دی گئی ہے۔ سیپکو کا عملہ باقی ماندہ متاثرہ تحصیلات کی بحالی (بقیہ نمبر 4 2)

خرم دستگیر بوکھلاہٹ کے باعث کراچی اور لاہور کا ذکر کر رہے ہیں، وقار مہدی

سندھ کا حقیقی مینڈیٹ، پنجاب میں (ن) لیگ چور دروازے اور خیراتی مینڈیٹ سے اقتدار پر قابض ہوئی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء وقار مہدی نے کہا ہے کہ وزیر دستگیر بتائیں کہ ان کی جماعت نے صوبہ پنجاب میں کس طرح حکمرانی حاصل کی؟۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما وقار مہدی نے سلم لیگ نے کہا کہ خرم دستگیر کی بیان پر رگڑ دیتے ہوئے کہا کہ خرم دستگیر بوکھلاہٹ کے باعث کراچی اور لاہور کا ذکر کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں پیپلز پارٹی حقیقی مینڈیٹ کے ساتھ حکومت میں آئی ہے جبکہ پنجاب میں (ن) لیگ چور دروازے اور خیراتی مینڈیٹ سے اقتدار پر قابض ہوئی ہے۔ وقار مہدی نے کہا کہ مشکل وقت میں ذلیل کر کے ملک چھوڑ کر جانے والوں کی جماعت کو عوام ووٹ نہیں دیں گے۔ واضح رہے

فرقہ واریت کے خاتمہ کیلئے پوری قوم اداروں کے ساتھ کھڑی ہے، علماء و مشائخ

حکام الٰہی کے تابع توحید و سنت کے نظام کو اجاگر کرنا وقت کی ضرورت ہے، گفتگو

ہم اسلامی تعلیمات کو مشعل راہ بنا کر اونچ نیچ کو خاتم کر کے ہی رسول محمد ﷺ کی رسالت کے تقاضوں کے حق ادا کر سکتے ہیں

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے علماء و مشائخ نے امن و امان کے قیام، اتحاد و اتفاق، بھائی چارے اور مکمل ہم آہنگی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ فرقہ واریت اور دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے پوری قوم اور اپنے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت و عظمت اصحاب رسول دین اسلام کا جزو اول ہے۔ اس لئے ہمیں اسلامی تعلیمات کو مشعل راہ بنا کر اپنے نجات کا راستہ تلاش کر کے روز محشر اللہ تعالیٰ کی رسول ﷺ کی رضا و خوشنودی کے حق دار بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا توحید و سنت کے ساتھ امن سلامتی اور اخوت و بھائی چارے کا درس دین اسلام نے دیا اس لئے ہمیں متحد ہو کر وفاق اسلام، وفاق ملیں اور قیام امن کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق جمعیت اشاعت اہلسنت والسنہ کے صوبائی نائب امیر پنجاب علامہ محمد طالب بندیالوی، مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ایڈیشنل ناظم اعلیٰ علامہ سید محمد سبطین شاہ

جنیرٹر کی گاڑی فروخت کرنے کے الزام پر شوہر کی ضمانت منظور

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں میاں بیوی کے اختلافات سے متعلق ایک انوکھا مقدمہ سامنے آ گیا۔ بیوی نے جنیرٹر سے لدی والی گاڑی فروخت کرنے پر شوہر کے خلاف فراڈ اور امانت میں خیانت کا مقدمہ درج کروایا۔ جسٹس طارق محمود باجوہ نے محمد کمیر ریاض کی بھوری درخواست ضمانت منظور کرنے کے حوالے سے چار صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔

کوئلہ کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ نے بھٹہ انڈسٹری تباہ کر دی

اینٹوں کی قیمتیں انتہائی نچلی سطح پر گر گئیں ہیں جس کی وجہ سے بھٹے کا کاروبار دیوالیہ ہونے کے قریب پہنچ چکا ہے

حکومت بھٹہ انڈسٹری کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک نہ کرے

کمو آنہ (این این آئی) ضلعی صدر انجمن مالکان بھٹہ شش ایسوسی ایشن چوہدری عبدالرزاق باجوہ نے کہا ہے کہ کوئلہ کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ نے بھٹہ انڈسٹری تباہ کر دی ہے اینٹوں کی تیاری کی لاگت اس قدر بڑھ گئی ہے کہ اینٹوں کی لاگت بھی پوری نہیں ہوتی ہے۔ لیکن اس کے برعکس اینٹوں کی قیمتیں انتہائی نچلی سطح پر گر گئیں ہیں جس کی وجہ سے بھٹے کا کاروبار دیوالیہ ہونے کے قریب پہنچ چکا ہے۔ حکومت بھٹہ مالکان کے مسائل سمجھے اور کوئلہ کی قیمتیں کم کر کے فکس کی جائیں۔ اگر پورے ضلع کے بھٹہ مالکان نے کوئی مستقبل کا کوئی لائحہ عمل نہ بنایا۔

لاہور: مرکزی سبزی منڈی میں آڑھتی سے فروخت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب کے کسان کارڈ، ڈگ پالو اقدامات سے کاشتکار خوشحال نہیں ہونگے، جاوید قصوری

وفاقی بجٹ میں کھادوں، بیجوں اور دیگر زرعی مداخل پر خصوصی سہولتیں کا اعلان کیا جائے، امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے کسان کارڈز سے کاشتکاروں کی حالت زار میں بنیادی تبدیلی نہیں آئی ہے، ماضی میں بھی مختلف حکومتوں کی جانب سے متعدد کارڈز اور اسکیمیں متعارف کروائی گئیں مگر ان کے ثمرات عام کسان تک نہیں پہنچ سکے اور زرعی شعبے کو درپیش مسائل بدستور برقرار ہیں، حکومت زمینی اور وقتی اقدامات کی بجائے ٹھوس، دیرپا اور عملی پالیسیاں اختیار کرے تاکہ کسانوں کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ محمد جاوید قصوری نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کی معیشت کا اہم ترین ستون زراعت ہے

مقبوضہ کشمیر، غیر قانونی طور پر نظر بند حریت رہنما مشتاق الاسلام شدید علیل

جیل انتظامیہ علاج معالجہ فراہم نہیں کر رہی، حریت کانفرنس کا اظہار تشویش

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے غیر قانونی طور پر نظر بند رہنما مشتاق الاسلام کی جموں ظلے کی کوٹ بلوال جیل میں صحت انتہائی خراب ہو گئی ہے لیکن جیل انتظامیہ انہیں مناسب طبی سہولیات فراہم نہیں کر رہی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق مشتاق الاسلام ذیابیطس کے مرض میں مبتلا ہیں جس کے باعث ان کے گردوں کا نظام بری طرح متاثر ہو چکا ہے۔ ان کے پاؤں شدید سوجن کا شکار ہیں جبکہ ان کی بینائی بھی تقریباً 90 فیصد کم ہو گئی ہے۔ قائد بھارتی انتظامیہ شدید علالت کے باوجود انہیں نہ صرف مسلسل قید کر رہے ہے۔

عالمی یوم ماحولیات پر ناروال میں آگاہی واک، 1500 پودے تقسیم

ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کا شجرکاری، ماحول دوست طرز زندگی اپنانے پر زور

ناروال (این این آئی) ماحولیات کے عالمی دن کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ناروال محمد طیب خان کی زیر قیادت ڈی سی آفس ناروال سے فیض احمد فیض پارک تک ایک آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک میں ضلعی افسران، محکمہ ماحولیات، مختلف سرکاری محکموں کے نمائندگان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کا شجرکاری پر زور دیتے ہوئے کہا کہ درختوں کی تبدیلیوں کے بڑھتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے شجرکاری اور ماحول دوست طرز زندگی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہری کو اپنے حصے کا کردار ادا کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ درخت لگانے اور ان کی حفاظت کو یقینی بنانا چاہیے تاکہ آنے والی نسلوں کو بہتر اور صاف ماحول فراہم کیا جا سکے۔ عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے ڈپٹی کمشنر ناروال نے پودا بھی لگایا اور شجرکاری مہم میں عملی حصہ لیا۔

کے این ایف کی ساہیوال میں بڑی کارروائی، 52 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد، ملزم گرفتار

کنٹرا بیس میڈ کارروائی میں ملزم کی نشاندہی پر تقریباً 9 ملین روپے مالیت کی چرس اور انجون قبضے میں لے لی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب کا ڈسٹرکٹ کرکس فورس (سی این ایف) نے گزشتہ روز ساہیوال میں ایک کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کارروائی کرتے ہوئے ملزم طلحہ اسلم کو گرفتار کر لیا۔ دوران تفتیش ملزم کی نشاندہی پر ایک سوزوکی کار کی تلاشی لی گئی جہاں سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد ہوئیں۔ برآمد شدہ منشیات میں 36 کلوگرام چرس اور 16 کلوگرام انجون شامل ہے۔

بٹیاں بالا: وادی لیپہ کے گاں سید پورہ میں ایک سیاح تین سو سالہ پرانی پانی کی مدد سے چلنے والی چاول پیسنے کی چکی کا عمل دیکھ رہا ہے

پیٹرول و بجلی کی ان ضافے مہنگائی کیخلاف چلائیں، تحریک کے نعیم رحمن

جماعتِ اسلامی کسی سازش اور سمجھوتے سے اقتدار حاصل نہیں کرنا چاہتی، امیر جماعت اسلامی

جماعتِ اسلامی عوام کی حمایت سے نظام کی تبدیلی چاہتی ہے رائے عامہ کے بغیر آنے والا کوئی بھی انقلاب پائیدار نہیں ہوتا

لاہور (این این آئی) امیر جماعتِ اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پیٹرول و بجلی کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے خلاف ملک گیر تحریک چلائیں گے۔ لاہور سے جاری ہونے والے بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعتِ اسلامی کسی سازش اور سمجھوتے سے اقتدار حاصل نہیں کرنا چاہتی۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ جماعتِ اسلامی عوام کی حمایت سے نظام کی تبدیلی چاہتی ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ (بقیہ نمبر 4 4)

ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے ہم سب کو مل کر عملی اقدامات کرنا ہوں گے، محمد عابد وڑائچ

کھلی بارش اور ماحولیاتی تبدیلیاں ایک بڑا چیلنج بن چکی ہیں، جن کا مقابلہ صرف اور صرف زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر ہی کیا جا سکتا ہے

خانیوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد عابد وڑائچ نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کے بھیانک اثرات سے نمٹنے اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک صحت مند اور بہتر ماحول پیدا کرنے کے لیے ہم سب کو مل کر عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ "درخت لگائیں اور سانس لیں" کے پیغام کے تحت شجرکاری وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پریس کلب آمد کے موقع پر پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔

اعلان تقرری

اویس خالد

کو تحصیل رپورٹر پسرور مقرر کیا گیا ہے۔

Ph: 0333-8770717

سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ

اعلان تقرری

محمد انیس صاحبزادہ

کو تحصیل رپورٹر نوشہرہ ورکاں مقرر کیا گیا ہے۔

Ph: 0301-6667541

سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ